رسول خدا صلعم کا درمیان مکہ اور مدینہ کے قیام فرما کر خطبہ فرمانا خدا کے اس حکم سے ہوا اور وہ خدا کا حکم اس سورہ مائدہ کی آیت

یا ایھا الرسول بلغ ما انزل	اے رسول پہونچا دو اس حکم کو جو
الیک من ربک .... الخ	خدا نے تم پر نازل کیا ہے

جس کے بارے مین عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری علامہ عینی حنفی مجلد ہشتم کے صفحہ ۵۷۲ باب سورہ مائدہ مین ہے۔

قال مقاتل ھی مدنیۃ	مقاتل نے کہا ہے کہ یہ سورہ مائدہ
کلھا نزلت بالنھار	کل مدنیہ ہے جو دن مین نازل ہوا۔
وذکر ابو عبیدۃ عن محمد	اور ذکر کیا ہے ابو عبیدہ نے محمد
بن کعب القرظی قال نزلت	بن کعب قرظی سے کہا اُسنے نازل ہوا
سورۃ المائدۃ علی سیدنا	سورہ مائدہ رسول اللہ صلعم پر حجۃ الوداع
رسول اللہ فی حجۃ الوداع فیما بین مکۃ والمدینۃ	مین درمیان مکہ اور مدینہ کے۔

اور اسی کتاب مذکورہ کے صفحہ ۵۸۴ مین ہے۔

ذكر الواحدي من حديث الحسن بن محمد قال حدثنا علي بن عباس عن الاعمش وابي الجحاف عن عطية عن ابي سعيد قال نزلت هذه الآية يا ايها الرسول بلغ ما انزل اليك الآية يوم غدير خم في علي بن ابيطالب وقال ابو جعفر محمد بن علي بن حسين معناه بلغ ما انزل اليك من ربك في فضل علي بن ابيطالب فلما نزلت هذه الآية اخذ بيد علي وقال من كنت مولاه فعلي مولاه

امام واحدی نے حسن بن محمد کی حدیث اعمش اور ابو حجاف کے واسطہ سے بروایت ابو سعید خدری ذکر کیا ہے کہ یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک بروز غدیر خم حضرت علی کی شان مین نازل ہوا۔ اور جناب ابو جعفر محمد بن علی علیہما السلام سے مروی ہے کہ آیۂ بلغ ما انزل الیک کے معنی یہ ہین کہ اے رسول پہونچا دو اس امر کو کہ جو تمہارے رب نے علی بن ابیطالب کے فضل مین نازل فرمایا ہے چنانچہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو پیغمبر صاحب نے حضرت علی کا ہاتھ پکڑ کر ارشاد کیا کہ من کنت مولاہ فعلی مولاہ یعنی جس کا مین مولا ہون اسکے علی مولا ہین

اور قاضی شوکانی اپنی تفسیر فتح القدیر مین بتفسیر سورۂ مائدہ لکھتے ہین:-

واخرج ابو عبيد عن	ابو عبید نے محمد بن کعب قرظی سے
محمد بن كعب القرظي انها	روایت کی ہے کہ تحقیق یہ سورۂ مائدہ
نزلت فی حجة الوداع فيما بين	حجۃ الوداع مین درمیان مکہ و مدینہ کے
مكة والمدينة وهكذا اخرج	نازل ہوا اور ایسے ہی ابن جریر نے ربیع
ابن جرير عن الربيع بن انس	بن انس سے اسی زیادتی کے ساتھ روایت
بهذه الزيادة	کی ہے۔

اور ینابیع المودۃ شیخ سلیمان حنفی بلخی جلد اول صفحہ ۱۲۰ مین بہ تفسیر آیۂ یا ایها الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک کے ہے،۔

اخرج الثعلبی عن ابی صالح	ثعلبی نے ابی صالح کے طریق
عن ابن عباس و عن محمد الباقر	ابن عباس کے سند اور امام محمد باقر
رضی الله عنه قالا نزلت هذه	علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آیۂ

ہے (توثیق ثعلبی و واحدی) ازالۃ الخفا شاہ ولی اللہ مطبوعہ مطبع صدیقی بھوپال سنہ ۱۲۸۶ ہجری مقصد دوم صفحہ ۵ سطر ۵ مین ہے ،، وہمچنین قرا سبعہ در قراءت و شیخ ابو الحسن اشعری در علم کلام و ثعلبی و واحدی وامثال ایشان در تفسیر و محمد ابن اسحاق در علم سیرت علی ہذا القیاس ،، نیز ابو اسحاق ثعلبی نے جن رجال حدیث ابی صالح عن ابن عباس سے آیۂ بلغ کے نزول کی روایت کی ہے انھیں رجال حدیث سے شیخ عبد القادر جیلانی (جو شاہ ولی اللہ کے پیر ہین) اپنے غنیۃ الطالبین مین یہ روایت کی ہے وعن ابی صالح عن ابن عباس قال سميت ترویة و عرفة لأن ابراهيم عليه السلام رای ليلة الترویة فی منامه انه يؤمر بذبح ابنه ... الخ روایت ہے ابو صالح سے انھے ابن عباس سے کہ ترویہ و عرفہ اسلئے نام رکھا گیا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام ترویہ کی رات کو خواب مین دیکھا کہ وہ حکم کیے گئے ہین اپنے بیٹے کے ذبح کرنے مین۔

الآیۃ فی علی ایض الحموینی
فی فرائد السمطین اخرجہ
عن ابی ھریرۃ ایض المالکی اخرج
فی فصول المھمۃ عن
ابی سعید الخدری قال
نزلت ھذہ الآیۃ فی
علی فی غدیر خم ھکذا ذکرہ
الشیخ محی الدین النووی

بلغ علی کی شان مین نازل ہوا۔ اور
حموینی نے فرائد السمطین مین ابوہریرہ کے
سند سے اور علامہ مالکی نے اپنی کتاب
فصول المہمہ مین ابوسعید خدری سے روایت
کی ہے کہ آیت جناب علی علیہ السلام کی
شان مین غدیر خم کے روز نازل ہوئی۔
ایسے ہی شیخ محی الدین نووی نے بھی
ذکر کیا ہے۔

اور آیۂ موصوفہ کا ابوہریرہ کی سند سے نازل ہونے کی تائید اتقان فی علوم القرآن سیوطی جلد اول صفحہ ۲۰ سطر ۱۷ و ۱۸ مطبوعہ سنہ ۱۳۰۶ھ سے ہوتی ہے۔

واللہ یعصمک
من الناس فی صحیح ابن
حبان عن ابی ھریرۃ
انھا نزلت فی السفر۔

یعنی آیہ واللہ یعصمک من
الناس جو آیہ یا ایھا الرسول بلغ ما انزل
الیک من ربک و ان لم تفعل فما بلغت رسالتہ
واللہ یعصمک من الناس کا آخری جزو ہے
جو سفر مین نازل ہوا۔

اور آیۂ موصوفہ کا آخری جزو ہونے کا ثبوت تفسیر درمنثور سیوطی مجلد ثانی صفحہ ۲۹ مین یہ ہے:۔

اخرج ابن ابی حاتم و
ابن مردویہ و ابن عساکر عن
ابی سعید الخدری قال نزلت
ھٰذہ الآیۃ یا ایھا الرسول بلغ
ما انزل الیک من ربک علی
رسول اللہ صلعم یوم غدیر خم
فی علی بن ابی طالب و اخرج
ابن مردویہ عن ابن مسعود
قال کنا نقرأ علی عھد رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا ایھا
الرسول بلغ ما انزل الیک من
ربک ان علیا مولی المومنین
وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ
واللہ یعصمک من الناس۔

ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ
اور ابن عساکر نے ابی سعید خدری
سے روایت کی ہے کہ یہ آیت
"یا ایھا الرسول بلغ ما انزل
الیک من ربک" رسول اللہ
صلعم پر یوم غدیر حضرت علی کی
شان میں نازل ہوئی اور ابن
مردویہ نے ابن مسعود سے روایت
کی ہے کہ ہم رسالت مآب صلعم کے
زمانہ میں اس آیت کو اس طرح پڑھتے تھے
کہ اے رسول پہونچا دے اس چیز کو جو تیرے
رب کی طرف سے تیری طرف اتاری
گئی یہ کہ علی کل مومنین کا مولیٰ ہے
اور اگر اسکا ابلاغ نہ ہوا تو گویا تو نے میری رسالت
نہیں پہنچائی اور اللہ تجھ کو لوگوں سے بچائیگا

اور تفسیر غرائب القرآن[۱] علامہ نظام نیشاپوری جو جامع البیان طبری جلد ۶ کے

---

[۱] کشف الظنون میں ہے غرائب القرآن و رغائب الفرقان فی التفسیر للعلامہ نظام الدین حسن بن محمد بن حسین القمی النیسابوری المعروف بنظام الاعرج الخ

حاشیہ پر مطبوعہ مصر ۱۳۲۱ھ ہے جس کے صفحہ ۱۷۰ مین ہے

یا ایها الرسول بلغ عن
ابی سعید الخدری ان هذه
الآیة نزلت فی فضل علی بن
ابی طالب رضی الله عنه وکرم
الله وجهه یوم غدیر خم فاخذ
رسول الله صلی الله علیه وسلم
بیده وقال من کنت مولاه
فهذا علی مولاه اللهم وال
من والاه وعاد من عاداه
ولقیه عمر وقال هنیئاً لك
یا ابن ابیطالب اصبحت
مولای ومولا کل مومن و
مومنة وهو قول ابن عباس
والبراء بن عازب ومحمد
بن علی

ابو سعید خدری سے مروی ہے کہ
آیۂ یا ایها الرسول بلغ ما انزل الیک الآیہ
حضرت علی رضی اللہ عنہ وکرم اللہ وجہہ کی فضیلت
مین بروز غدیر خم نازل ہوا اسکے نزول
پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
حضرت علی بن ابی طالب کا ہاتھ پکڑ کر
فرمایا کہ جسکا مین مولا ہون پس اُسکا علی
مولا ہے اللہ دوست رکھ اُسکو جو علی کو
دوست رکھے اور دشمن رکھ اسکو جو علی سے
دشمنی رکھے پھر حضرت عمر نے حضرت علی کو
مبارکباد دی اور کہا کہ مبارک ہو اے ابن
ابیطالب کہ تم آج سے جمیع مومنین و
مومنات کے مولی ہو گئے اور یون ہی
عبداللہ بن عباس اور براء بن عازب اور
محمد بن علی علیہما السلام سے مروی ہے۔

اور حضرت براء بن عازب کی روایت مین ۱۸ ذیحجہ کو (پنجشنبہ) تھا وہ روایت

یہ ہے جسکو عبقات الانوار غدیر جلد سیوم صفحہ ۱۹۲ مطبوعہ ۱۲۹۴ھ سے نقل کیا جاتا ہے اور جسکو شیخ جمال الدین محمد بن یوسف زرندی نے اپنی کتاب نظم درر السمطین فی فضائل المصطفیٰ والمرتضی والبتول والسبطین مین وارد فرمایا ہے۔

روی الامام الحافظ ابو بکر
احمد بن الحسین البیهقی رحمه
الله بسنده الی البراء بن عازب
قال قبلنا مع النبی صلی الله
علیه وسلم فی حجة الوداع حتی
اذا کنا بغدیر خم یوم الخمیس ثامن
عشر من ذی الحجة فنودی فینا
الصلوٰة جامعة وکسح للنبی صلی
الله علیه وسلم تحت شجرتین
فاخذ النبی صلی الله علیه وسلم
بید علی ثم قال لست اولی
بالمومنین من انفسهم قالوا بلی

امام حافظ بیہقی نے بسند خود براء
بن عازب سے روایت کی ہے کہ ہم لوگ
نبی صلوات اللہ علیہ کے ساتھ حجۃ الوداع
سے چلے حتی کہ غدیر خم مین ۱۸ ذی الحجہ
پنجشنبہ کے روز وارد ہوئے پس الصلوٰۃ
جامعہ کی ندا دی گئی اور آنحضرت کیلئے
دو درختون کے نیچے صفائی کی گئی منبر
تیار کیا گیا پھر آنحضرت نے حضرت
علی کا ہاتھ پکڑ کر لوگون سے ارشاد کیا
کیا مین مومنین کے لئے اُن کے نفوس
سے اولیٰ نہین ہون۔ سب نے
عرض کیا بیشک۔ پھر فرمایا

---

۵ ذکر کتاب درر السمطین کشف الظنون مین ہے۔ دُرر السمطین فی فضائل المصطفیٰ والمرتضیٰ والبتول والسبطین للشیخ جمال الدین محمد بن یوسف الزرندی محدث الحرم النبوی المتوفی خمسین سبعمائة ۷۵۰ھ

قال الست اولی بکل مومن من	کیا میں ہر مومن کے لیے انکے نفس سے
نفسہ قالوا بلی قال الیس ازواجی	اولیٰ نہیں ہوں سب نے عرض کیا کہ بیشک
امہاتکم قالوا بلی فقال رسول اللہ	پھر فرمایا آنحضرت نے کیا میری بیبیاں
صلی اللہ علیہ وسلم فان ہذا علی	تمہاری مائیں نہیں ہیں سب نے کہا
من انا مولاہ اللہم وال من	بیشک ہیں پس فرمایا آنحضرت نے کہ
والاہ وعاد من عاداہ فلقیہ	جسکا میں مولا ہوں اسکا یہ علی مولا ہے خدایا
عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ	دوست رکھ اسکو جو دوست رکھے علی کو اور
بعد ذلک فقال ہنیئالک یا ابن	دشمن رکھ اسکو جو دشمن رکھے علی کو اسکو بعد
ابی طالب اصبحت وامسیت مولی	حضرت عمر بن خطاب نے حضرت علی سے ملکر مبارکباد دی
کل مومن ومومنۃ الخ	اور کہا کہ خوشی ہو تمکو اے ابوطالب کے بیٹے صبح کی

یہ مسلمات سے ہے کہ آیہ تبلیغ سورہ مائدہ کا آخری جزو ہے اور سورہ مائدہ حجۃ الوداع میں درمیان مکہ اور مدینہ کے نازل ہوا یعنی یوم غدیر خم اٹھارہ ذی الحجہ کے دن میں نازل ہوا اسی کے نازل ہونے کے چند گھنٹے بعد اسکے بعد آیت الیوم اکملت لکم دینکم نازل ہوئی جسکے نازل ہونے پر رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام نے شکریہ فرمایا ہے۔ اور اسی آیت کے نازل ہونے کے بعد رسول خدا اکیاسی شبانہ روز زندہ رہے ہیں۔ چنانچہ شیخ عبد القادر جیلانی اپنے غنیۃ الطالبین میں اور جناب فاضل علامہ ابن شہر آشوب علیہ الرحمہ نے مناقب آل ابیطالب مطبوعہ بمبئی کے جلد ثالث صفحہ ۲۰ میں اور مولوی صدیق حسن خاں بھوپالی نے

اپنی تفسیر فتح البیان جلد ثالث مطبوعہ مصر ۱۳۰۱ھ کے صفحہ ۱۹ مین اور سیرت شبلی حصہ ثانی
کے حاشیہ صفحہ ۱۳۶ مین ابن عباس کے سند سے اکیاسی یوم کے مدت کی روایت نقل کی ہے
اور شاہ ولی اللہ اپنی تفسیر فتح الرحمن مین لکھتے ہین :-

و این آیت آخر آیات قرآن است — یعنی یہ آیت الیوم اکملت لکم دینکم آخر آیات
بعد از این ہیچ آیت نازل نشد۔ — قرآن مجید ہے اسکے بعد کوئی آیت نہین اتری

اور اوپر کے صفحات سے گزر چکا ہے کہ واحدی اور ثعلبی مفسرین سنے آیۂ تبلیغ کا یوم غدیر (۱۸ ذی الحجہ)
مین نازل ہونا مستند روایت سے وارد کیا ہے جس سے صاف ظاہر اور ثابت ہو گیا کہ
۱۸ ذی الحجہ کے بعد کوئی آیت نہین اتری - اور دونون تفاسیر واحدی و ثعلبی مقبولہ و مسلمہ شاہ ولی اللہ
ہین - اسلئے آیۂ اکمال دین غدیر خم مین نازل ہوا -

اور شاہ ولی اللہ سرور المحزون مطبوعہ ۱۲۵۰ھ صفحہ ۴۴ مین لکھتے ہین

وفات یافت آنحضرت صلعم — آنحضرت صلعم نے دو شنبہ کے دن جو
روز دو شنبہ دفن کردہ شد — ۱۲ ربیع الاول کو وفات پائی اور چودہ دن بعد
بتاریخ دوازدہم از ربیع الاول — یعنی ۲۸ و ۲۹ ماہ صفر اور بارہ روز شروع ماہ
دنیا را ماند چہاردہ روز — ربیع الاول کے کل ۱۴ دن باقی کے ہوگئے -

سیرت مغلطائی (حافظ علاء الدین مغلطائی بن قلیج مطبوعہ مصر ۱۳۲۶ھ) کے صفحہ ۱۰۰ مین ہے :-

ثم سریۃ اسامۃ بن زید — پھر سریہ ہے اسامہ بن زید کا

الی اهل ابنی بالسراة ناحیة البلقا — اہل ابنی پر مقام سراة مین جو بلقا کے

یوم الاثنین لاربع لیال بقین — گوشہ مین ہے واقع ہے ۲۶ صفر دوشنبہ ۱۱ھ

من صفر سنۃ احدی عشر لغزو — کے دن اسلئے غزوہ روم کے اپنے باپ کے

الروم مکان قتل ابیہ..... الخ — قتلگاہ تک الخ

مزید ازین تحفہ اثنا عشریہ شاہ عبدالعزیز مطبوعہ ثمر ہند لکھنؤ نولکشور سنہ ۱۲۹۶ھ ۱۸۷۹ء آخر باب دوم

صفحہ ۲۰۴ مین ہے ا-

بست و ششم (۲۶) صفر روز دوشنبہ — ۲۶ صفر دوشنبہ کے دن حضرت نے

آنحضرت امر فرمود مردم را کہ ساختگی لشکر — لوگون کو حکم دیا کہ جنگ روم پر انتقام

کنند برائے جنگ روم و انتقام — زید بن حارثہ کے لئے جانے کی تیاری کرین

زید بن حارثہ در روز سہ شنبہ اسامہ بن — اور سہ شنبہ کے دن اسامہ بن زید کو امیر

زید را امیر لشکر ساخت و روز چہار شنبہ — فوج کا فرمایا اور ۲۸ صفر چہار شنبہ

بست و ہشتم (۲۸) صفر مذکور آنحضرت را مرض — کے دن حضرت ص کو بیماری لاحق

طاری شد..... الخ — ہوئی۔

اور اس مہینے صفر کے ۲۸ صفر (چہار شنبہ) اور ۲۹ صفر (پنجشنبہ) دو دن اور بارہ دن، ماہ ربیع الاول ۱۲ھ کے کل چودہ دن ہو گئے۔ یعنی ماہ صفر ۲۹ دن کا مان کر بارہ ربیع الاول کو چودہ دن بیماری کے بتائے گئے ہین۔ ۲۸ صفر چہار شنبہ کا چودھوان دن بارہ ربیع الاول ہوا۔ اور ہر چہار شنبہ کا پندرھوان دن چہار شنبہ اور چودھوان دن (سہ شنبہ) ہونا بدیہیات سے ہے

نیز یکم ربیع الاول و ۸ ربیع الاول (جمعہ) ۹ ربیع الاول (شنبہ) ۱۰ ربیع الاول (یکشنبہ) ۱۱ ربیع الاول (دوشنبہ) ہوا اور حضرت صلعم کل تیرہ[۱۳] دن بیمار رہے۔ اور رسول خدا نے دوشنبہ کو وفات فرمائی ہے۔ پس گیارہ ربیع الاول کے مراجعت سے یکم ربیع الاول (جمعہ) ۲۹ صفر (پنجشنبہ) یکم صفر (پنجشنبہ) ۳۰ محرم (چہارشنبہ) ۲۹ و یکم محرم (سہ شنبہ) ۲۹ و یکم و ۸ و ۱۵ ذیحجہ (دوشنبہ) ۱۶ (سہ شنبہ) ۱۷ (چہارشنبہ) ۱۸ ذیحجہ (پنجشنبہ) ہوا۔ ابوسعید خدری نے اسی ۱۸ ذیحجہ کے پنجشنبہ ہونے کی روایت کی ہے۔ چنانچہ علامہ شہر ابن آشوب نے مناقب آل ابیطالب ج ثالث صفحہ ۲۳ میں لکھا ہے وفی روایۃ الخدری انہ کان یوم الخمیس۔ ابوسعید خدری کی روایت میں یوم غدیر کو پنجشنبہ تھا۔

وابوسعید خدری وجابر الانصاری قال لما نزلت الیوم اکملت لکم دینکم قال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ اکبر علی اکمال الدین واتمام النعمۃ ورضا الرب برسالتی وولایۃ علی بن ابی طالب بعدی رواہ النطنزی[۱] فی الخصائص

پوری روایت مذکورہ خصائص العلویہ ابوالفتح نطنزی[۱] کی عبقات الانوار غدیر

---

[۱] انساب سمعانی میں بعد ذکر نطنزی کی ہے۔ وسبطہ ابوالفتح محمد بن علی بن ابراہیم النطنزی افضل من بخراسان وعراق فی اللغۃ والادب والقیام بصنعۃ الشعر قدم علینا مرو سنۃ احدی وعشرین و قرأت علیہ طرفا صالحا من الادب واستفدت منہ واغترفت من بحرہ ثم لقیتہ بھمدان ثم قدم علینا ببغداد غیر مرۃ فی مدۃ مقامی بہا وما لقیتہ الا وکتبت عنہ واقتبست منہ سمع باصبہان ابا سعد المطرز وابا علی الحداد وعاصم بن ابی نصر البرجی وببغداد ابا القاسم بن بیان الرزاز وابا علی بن نبہان الکاتب وطبقتہم سمعت منہ اجزاء بمرو من الحدیث وکانت ولادتہ سنۃ ثمانین واربعمائۃ ۴۸۰ھ ترجمہ سمعانی استاذ نطنزی کشف الظنون میں ہے الانساب السمعانی ہو الامام ابوسعید عبدالکریم بن محمد المروزی الشافعی الحافظ المتوفی سنۃ ۵۶۲ھ

مجلد سیوم صفحہ ۵۷۷ سے نقل ہے۔

اخبرنا الحسن بن احمد بن	خبر دی ہمکو حسن بن احمد بن حسن
الحسن المهری قال حدثنا احمد بن	مہری نے کہا حدیث کی ہم سے احمد بن
عبداللہ بن احمد قال حدثنا محمد	عبداللہ بن احمد نے کہا حدیث کی ہم سے
بن احمد بن علی قال حدثنا محمد	محمد بن احمد بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے
بن عثمان بن ابی شیبۃ قال	محمد بن عثمان بن ابی شیبہ نے کہا حدیث
حدثنا یحییٰ الحمانی قال حدثنا	کی ہم سے یحییٰ حمانی نے کہا حدیث کی ہمسے
قیس بن الربیع عن ابی هارون	قیس بن ربیع نے ابی ہارون عبدی سے
العبدی عن ابی سعید الخدری	اسنے ابو سعید خدری سے روایت کی کہ
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	رسول اللہ نے لوگوں کو بلایا علی کی طرف
دعا الناس الی علی فی غدیر خم	غدیر خم میں اور فرمایا کہ درختوں کے نیچے سے
وامر بما تحت الشجرۃ من الشوک فقم	کانٹے وغیرہ صاف کئے جائیں پھر (وہاں لوگوں
وذلک یوم الخمیس فدعا علیاً	کو جمع کیا) یہ پنجشنبہ کا دن تھا پس بلایا علی کو اور
فاخذ بضبعیه فرفعهما حتی نظر	انکے دونوں بازوؤں کو پکڑکر اسقدر بلند کیا کہ لوگوں نے
الناس الی بیاض ابطیه رسول اللہ	رسول خدا کے بغلوں کی سفیدی مشاہدہ کی پس لوگ
صلعم ثم لم یتفرقوا حتی نزلت هذه	ابھی متفرق نہوے تھے۔ یہانتک کہ نازل ہوئی
الآیۃ الیوم اکملت لکم دینکم	یہ آیت الیوم اکملت لکم دینکم

واتممت علیکم نعمتی	واتممت علیکم نعمتی
ورضیت لکم الاسلام	ورضیت لکم الاسلام
دینا۔ فقال رسول اللہ صلعم	دینا۔ پس فرمایا رسول اللہ صلی
اللہ اکبر علی اکمال	اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ اکبر
الدین واتمام النعمۃ و	(خدا کا شکر) اکمال دین اور اتمام
رضی الرب برسالتی والولایۃ	نعمت پر اور اس امر پر کہ خداوند عالم
لعلی من بعدی قال	میری رسالت اور میرے بعد
من کنت مولاہ فعلی مولاہ	علی کی ولایت سے خوشنود ہوا فرمایا
اللھم وال من والاہ و	جسکا مین مولا ہون اُس کا علی مولا
عاد من عاداہ وانصر من	ہے الٰہی دوست رکھ اُسکو جو دوست رکھے
نصرہ واخذل من خذلہ	علی کو اور دشمن رکھ اسکو جو دشمن رکھے علی کو اور مدد کر
ھذا حدیث لہ طرق	اسکی جو مدد کرے علی کی اور چھوڑ دے اسکو جو چھوڑ دے
کثیرۃ الی ابی سعید الخدری	علی کو۔ یہ حدیث بہت طریقون سے ابو سعید خدری سے مروی ہے

مجموعہ عدد زبر و بیّنہ جس کی مجموعی تعداد ۶۵۶۳ عدد ہوتے ہین اور جس کی ۲۲ عبارتین گزر چکین پندرہ عبارتین ذیل مین لکھی جاتی ہین اور پہلی عبارت کر کی مع سنہ ہجری کے ہے

(۱)

نزلت بولایۃ علی الولی یوم الخمیس الثامن عشر من ذی الحجۃ سنۃ عشرۃ من الھجرۃ

نزلت	بولایۃ	علی الولی	یوم الخمیس	الثامن عشر	من ذی الحجۃ	سنۃ	عشرۃ	من الھجرۃ	
۴۸۷	۴۴۹	۱۸۷	۷۹۷	۱۱۹۲	۱۲۴۲	۵۱۰	۹۷۰	۷۲۹	۶۵۶۳

(۲)

هٰذه الآیة الیوم الی لکم الاسلام دینا انها نزلت بالنص

۷۱۰ ۴۴۲ ۸۷ ۴۱ ۳۱۸ ۵۷ ۴۸۷ ۱۷۳

بولایة امیر المؤمنین علی ثامن عشر من ذی الحجة هو یوم الخمیس ۶۵۶۳

۴۴۹ ۴۷۸ ۱۱۰ ۱۱۶۱ ۱۲۴۲ ۱۱ ۷۹۷

(۳)

هٰذه الآیة انزلت بولایة خیر الوصیّین والمسلمین یوم الخمیس

۷۱۰ ۴۴۲ ۴۸۸ ۴۴۹ ۱۰۰۷ ۲۶۷ ۷۹۷

ثامن عشر من ذی الحجة ۶۵۶۳

۱۱۶۱ ۱۲۴۲

(۴)

هٰذه الآیة فی سورة المائدة انزلت علی احمد النبی الامّی بولایة

۷۱۰ ۴۴۲ ۹۰ ۱۱۵۲ ۴۸۸ ۳۳۸ ۴۴۹

علی الولی بن ابی طالب علیه السلام بغدیر خم بعد العصر ۶۵۶۳

۱۸۷ ۱۰۷ ۲۷۷ ۱۸۵۶ ۴۶۷

(۵)

ان الآیة الیوم الی لکم الاسلام دینا انزلت علی سید النبی الامّی بولایة علی

۵۱ ۴۴۲ ۸۷ ۴۱ ۳۱۸ ۴۸۸ ۱۱۰ ۲۴۹ ۴۴۹ ۱۱۰

یعسوب الدین علیه السلام یوم الخمیس الثامن عشر من ذی الحجة بالعصر ۶۵۶۳

۲۴۳ ۲۷۷ ۷۹۷ ۱۱۹۲ ۱۲۴۲ ۴۶۷

(۶)

انّ هٰذه الآیة نزلت بولایة سیّد المومنین امام المتقین علی فی

۵۱ ۷۱۰ ۴۴۲ ۴۸۷ ۴۴۹ ۳۰۱ ۷۱۳ ۱۱۰ ۹۰

یوم الخمیس ثمانی عشر من ذی الحجة ۶۵۶۳

۷۹۷ ۱۱۷۱ ۱۲۴۲

(۷)

انزلت علی النبی بولایة خیر الوصیین وصالح المؤمنین علی علیه السلام

۴۸۸ ۲۰۳ ۴۴۹ ۱۰۰۷ ۳۶۲ ۱۱۰ ۲۷۰

یوم الخمیس ثامن عشر من ذی الحجة بعد العصر

۷۹۷ ۱۱۶۱ ۱۲۴۲ ۴۶۷ — ۶۵۶۳

(۸)

هذه الآیة نزلت بولایة امام المتقین علی الزکی بن ابیطالب علیه السلام

۷۱۰ ۴۴۲ ۴۸۷ ۴۴۹ ۷۱۳ ۲۸۵ ۲۷۷

یوم الخمیس ثامن عشر من ذی الحجة

۷۹۷ ۱۱۶۱ ۱۲۴۲ — ۶۵۶۳

(۹)

هذه الآیة الیوم اکملت لکم الاسلام دینا انزلت بولایة ابی النجباء

۷۱۰ ۴۴۲ ۸۷ ۴۱ ۳۱۹ ۴۸۸ ۴۴۹ ۱۰۱

امیر المؤمنین علی بن ابیطالب بیوم الخمیس لثمان عشر من ذی الحجة

۴۷۸ ۲۱۷ ۷۹۹ ۱۱۹۱ ۱۲۴۲ — ۶۵۶۳

(۱۰)

هذه الآیة انزلت بولایة اولی بالمومنین امام المتقین علی الزکی بن ابیطالب

۷۱۰ ۴۴۲ ۴۸۸ ۴۴۹ ۴۷ ۲۲۹ ۷۱۳ ۲۸۵

یوم الخمیس ثامن عشر من ذی الحجة

۷۹۷ ۱۱۶۱ ۱۲۱۲ — ۶۵۶۳

(۱۱)

هذه الآیة فی سورة المائدة هی نزلت علی النبی الامی. بولاء علی

۷۱۰ ۴۴۲ ۹۰ ۶۶۶ ۴۸۶ ۱۵ ۴۸۷ ۲۰۳ ۸۲ ۴۰ ۱۱۰

بیوم الخمیس لثمان عشر من ذی الحجة

۷۹۹ ۱۱۹۱ ۱۲۴۲ — ۶۵۶۳

(۱۲)

هٰذه الآیة انزلت بولایة یعسوب الامة والمسلمین علی علیه السلام

۷۱۰ ۴۴۳ ۴۸۸ ۴۴۹ ۶۲۰ ۲۶۷ ۱۱۰ ۲۷۷

یوم الخمیس ثامن عشر من ذی الحجة ۶۵۶۳

۷۹۷ ۱۱۶۱ ۱۲۴۲

(۱۳)

انّ هٰذه الآیة الیوم الی لکم الاسلام دینا انزلت بولایة ابی تراب

۵۱ ۷۱۰ ۴۴۲ ۸۷ ۴۱ ۳۱۸ ۴۸۸ ۴۴۹ ۶۱۶

علی الهادی یوم الخمیس ثامن عشر من ذی الحجة ۶۵۶۳

۱۶۱ ۷۹۷ ۱۱۶۱ ۱۲۴۲

(۱۴)

هٰذه الآیة انزلت بولایة مولی المومنین امام المتقین علی

۷۱۰ ۴۴۲ ۴۸۸ ۴۴۹ ۳۱۳ ۷۱۳ ۱۱۰

بن ابی طالب یوم الخمیس الثامن عشر من ذی الحجة ۶۵۶۳

۱۰۷ ۷۹۷ ۱۱۹۲ ۱۲۴۳

(۱۵)

انّ الآیة الیوم الی لکم الاسلام دینا انزلت بولایة مولی المومنین

۵۱ ۴۴۲ ۸۷ ۴۱ ۳۱۸ ۴۸۸ ۴۴۹ ۳۱۳

وامام المتقین علی الزکی علیه السلام یوم الخمیس ثامن عشر من ذی الحجة ۶۵۶۳

۷۱۹ ۱۶۸ ۲۷۷ ۷۹۷ ۱۱۶۱ ۱۲۴۲

عبقات الانوار غدیر مجلد چہارم حاشیہ صفحہ ۲۳۰ میں ہے:-

قال سلیمان بن احمد الطبرانی کہا سلیمان بن احمد طبرانی نے

فی المعجم الصغیر حدثنا محمد	معجم صغیر مین کہ حدیث بیان کی
بن مسلم بن عبد العزیز الاشعری	ہم سے محمد بن مسلم بن عبد العزیز اشعری
الاصفهانی حدثنا مجاشع بن	صفہانی نے کہ حدیث بیان کی ہم سے
عمرو بهمدان سنہ ۲۳۵ھ حدثنا	مجاشع بن عمرو نے ہمدان مین ۲۳۵ھ مین
عیسی بن سوادہ الرازی حدثنا	کہا حدیث بیان کی ہم سے ہلال بن
هلال بن ابی حمید الوزان	ابو حمید وزان نے عبد اللہ بن حکیم جہنی سے
عن عبد الله بن حکیم الجهنی	کہا اُنہون نے کہ فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ
قال قال رسول الله صلی الله	وسلم نے کہ اللہ جل شانہ نے شب معراج
علیه وسلم ان الله عزوجل	مین میری طرف وحی فرمائی علی
اوحی الی فی علی ثلثة اشیاء لیلة	کے بارے مین تین چیزون کے لئے
اسری بی انه سید المؤمنین	کہ وہ سید المؤمنین وامام المتقین
امام المتقین وقائد الغر	اور قائد الغر المحجلین ہے۔

المحجلین

مجموعہ فتاوی مولوی عبد الحی صاحب لکھنوی فرنگی محلی مین ہے :-

سوال	سوال
لفظ مصطفے در القاب آنحضرت	لفظ مصطفے القاب آنحضرت
علیہ السلام ولفظ مرتضی در القاب حضرت علی	علیہ السلام اور لفظ مرتضی القاب جناب علی

کرم اللہ وجہہ آنقدر تخصیص یافتہ کہ بحکم علم
رسیدہ در کتب قدیم اینقدر تخصیص یافتہ
نمی شود معلوم نیست کہ از کدام زمان
شہرت یافتہ

جواب

(شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی)

وجہ تلقیب آنحضرت علیہ السلام بمصطفی
در مواہب لدنیہ و سیرت شامیہ و
شروح دلائل الخیرات ہمین مذکور ہست
کہ ان اللہ اصطفی من ولد ابراھیم
اسمعیل واصطفی من ولد اسمعیل
کنانۃ واصطفی قریشا من کنانۃ
واصطفا ہاشما من قریش
واصطفانی من بنی ھاشم و
ہر چند اصطفی در حق حضرت موسی و حضرت
مریم بلکہ تمامی رسل و انبیا وارد ست
وسلام علی عبادہ الذین اصطفی

علیہ السلام سے اسقدر خصوصیت کے ساتھ
مشہور ہو گیا ہے کہ اصل نام سمجھا جاتا ہے
قدیم کتابون مین اتنی خصوصیت نہین
پائی گئی بمعلوم نہین کہ شہرت کس زمانہ سے ہے

جواب

(شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی)

سبب ملقب ہونے جناب رسول خدا کا
لفظ مصطفے سے کتاب مواہب لدنیہ قسطلانی
و سیرت شامیہ اور شروح دلائل الخیرات سے
یہ (حدیث شریف) مذکور ہے کہ تحقیق اللہ تعالی
نے اولاد ابراہیم علیہ السلام سے حضرت اسمعیل
کو مصطفے کیا اور حضرت اسمعیل کی اولاد سے کنانہ
کو اور کنانہ کی اولاد سے (حضرت) قریش کو اور
قریش کی اولاد سے (حضرت) ہاشم کو مصطفے کیا
اور ہاشم سے بنی ہاشم کو اور اُنسے مجکو مصطفے کیا حالانکہ
یہ اصطفی (غیر انبیا مین) حضرت مریم کو اور
(انبیا و رسل) مین حضرت موسیٰ وغیرہ کے لئے ہے

لیکن اصطفار خاص کہ مرتب بچند
مرتبہ واقع شدہ باشد مخصوص بآنجناب
است و در سیرت شامیہ و مواہب مذکور است
کہ المصطفی من اشہر اسمائہ صلی اللہ
علیہ وسلم اما استعمال این اسم در صدر
اول کمتر بود دیگر در کلام ابن مسعود
روایتے دیدہ شدہ ۔ در تلقیب حضرت
علی کرم اللہ وجہہ بمرتضی در احادیث دیدہ
نشدہ و نہ در صدر اول این لفظ مستعمل بود
و در احادیث صحیحہ کنیت ایشان بابو تراب
و ابو الریحانتین و تلقیب ایشان بذو القرنین
و یعسوب الدین و صدیق و فاروق و
سابق و یعسوب الامۃ و یعسوب قریش و
بیضۃ البلد و امین و شریف و ہادی و مہتدی
و ذو الاذن الواعی مروی و ثابت است ه

اور سلام ہو اُن بندوں پر جو مصطفی ہیں
لیکن یہ اصطفائیت خاص کہ چند مرتبہ کے
ساتھ پہونچی وہ مخصوص آنحضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم سے ہے چنانچہ سیرت
شامیہ اور مواہب لدنیہ میں لکھا ہے
کہ مصطفی حضرت کے مشہور ناموں
سے ہے لیکن استعمال اس نام کا
صدر اول میں کم تھا لیکن ابن مسعود کے قول
میں ایک روایت دیکھی گئی اور لقب حضرت
علیؑ میں لفظ مرتضی حدیث میں نہیں دیکھا
نہ صدر اول میں اس لفظ کا استعمال تھا اور احادیث صحیح
میں کنیت جناب موصوف کی ابو تراب و ابو ریحانتین
اور لقب ذو القرنین یعسوب الدین صدیق اور فاروق
اور سابق اور یعسوب الامۃ اور یعسوب قریش اور بیضۃ البلد اور امین
اور شریف اور ہادی اور مہتدی اور ذو الاذن الواعی مروی و ثابت ہے

ہ تفسیر فتح العزیز پارہ ۲۹ سورہ الحاقہ مطبوعہ لاہو محمدی کے صفحہ ۸۰ میں بہ تفسیر لفظ اذن واعیہ کے ہے :۔
قواعد نجات از نقل گناہان را بحضرت امیر المومنین القا فرمود و ایشان را تمام ساختن و کمال عل خود را بصورت
ایشان مصور نمودن ضرور افتاد کہ ایشان بحکم ابوت آن کمال را تر و تازہ بصاحبزادہ ہا رسانند و این سلسلہ تا قیام قیامت
توسط ایشان جاری ماند و لہذا حضرت امیر المومنین را یعسوب المومنین خطاب دادند

و مرزا محمد بن معتمد خان حارثی مورخ
مشہور این شہر در رسائل فضائل خلفاو
فضائل اہلبیت کہ این ہر دو رسالہ از عمدہ
تصانیف اوست بلقب ایشان مرتضی
نیز ذکر نمودہ اما اینوقت فقیر را یاد نیست
کہ بکدام حدیث تمسک کردہ و از حدیث انس
بن مالک در قصہ تزویج حضرت سیدۃ النساء و
خطبہ حضرت ابوبکر صدیق و عمر فاروق
ایشان را لفظے مفہوم میشود کہ مرتضی و مختار
بودن حضرت امیر درین امر یعنی تزویج حضرت
سیدۃ النساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا از ان
ثابت می شود۔

اور مرزا محمد بن معتمد خان حارثی مورخ
مشہور اس شہر (دہلی) کے اپنے رسائل
(مفتاح النجا ونزل الابرار) فضائل خلفاء
وفضائل اہلبیت میں کہ یہ دونوں رسالے
انکے عمدہ تصنیفات سے ہیں لقب جناب علی
مرتضی کا لفظ مرتضی سے بھی ذکر کیا ہے لیکن
اسوقت مجھ فقیر کو یاد نہیں ہے کہ کس حدیث کی سند
سے تمسک کرکے اختیار کیا ہے اور حدیث انس بن مالک سے
قصہ تزویج حضرت سیدۃ النساء اور خطبہ مانگنی حضرت ابوبکر
صدیق و عمر فاروق میں جناب علی کے لئے لفظ مرتضی کا مفہوم کہ
مرتضی اور مختار ہونا جناب امیر علیہ السلام کا اس امر یعنی تزویج
حضرت سیدۃ النساء رضی کا اس سے ثابت ہے،

غالباً مرزا محمد بن معتمد خان نے اس حدیث صیحانی سے لفظ مرتضیٰ کا استعمال کیا ہے جو ارجح المطالب مولوی عبید اللہ امرتسری کے صفحہ ۱۴۴ میں ہے

عن جابر بن عبد اللہ قال
سمعت علیا یقول بجماعۃ من
الصحابۃ اتدرون لم سمی الصیحانی

جابر بن عبد اللہ سے مروی ہے کہ میں نے
جناب امیر کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ صحابہ کہہ رہے
تھے کیا تمکو معلوم ہے کہ صیحانی کھجور کا نام کیوں صیحانی

صیحانیا قلنا اللھم لا قال	رکھا گیا وہ عرض کرنے لگے بخدا نہیں میں
خرجت مع رسول اللہ صلعم	معلوم ہے جناب امیرؑ نے فرمایا کہ ایک
ذات یوم نمشی فی طرقات	دفعہ میں جناب رسول مقبول کیساتھ مدینہ
المدینة اذ مررنا بنخل	سے باہر راستوں میں جا رہا تھا، ہم
من نخلھا فصاحت نخلة	کھجوروں کے جھنڈ کے پاس سے گزرے
باخری ھذا النبیؐ	ایک کھجور کے درخت نے دوسرے
المصطفی وھذا علی	سے کہا یہ نبی مصطفےٰ ہیں اور یہ علی مرتضیٰ
المرتضی ثم جزناھا	ہیں پھر ہم وہاں سے آگے بڑھے ایک
فصاحت ثانیة بثالثة	دوسرے کھجور کے درخت نے تیسرے سے
ھذا موسیٰ واخوہ ھارون	کہا یہ موسیٰ ہیں اور انکے بھائی ہارون ہیں
ثم جزناھا فصاحت	پھر ہم وہاں سے آگے بڑھے چوتھے
رابعة بخامسھا ھذا	نے پانچویں سے کہا یہ نوحؑ ہیں اور یہ
نوح وھذا ابراھیم	ابراہیمؑ ہیں۔ پھر ہم وہاں سے
ثم جزناھا فصاحت	آگے بڑھے چھٹے نے ساتویں سے کہا
سادسة بسابعة ھذا	یہ محمد سید النبیینؐ ہیں اور یہ علی
محمد سید النبیین	سید الوصیینؑ ہیں جناب
وھذا علی سید الوصیین	رسالتمآب یہ سنکر ہنس پڑے

فتبسم النبی صلعم ثم	پھر حضرت نے فرمایا یا علی
قال یا علی انما سمی	یہ وجہ ہے کہ ان کھجوروں کو
نخل المدینة صیحانیا	صیحانی یعنی پکارنے والی کھجوریں
لانہ صاح بفضلی و	کہتے ہیں وہ میرے اور تیرے
فضلك۔	فضیلت میں پکارتی ہیں۔

یہی حدیث باسناد دیگر مناقب اخطب خوارزم موفق بن احمد المکی الحنفی مطبوعہ ایران ۱۳۱۳ھ میں باین طریق مذکور ہے:۔

اخبرنا شہردار ھذا	شہردار نے ہم سے یہ خبر بحق اجازہ
اجازة حدثنا ابی شیرویہ	بیان کی وہ کہتے ہیں کہ میرے باپ
بن شہردار الدیلمی	شیرویہ بن شہردار دیلمی نے خبر دی
اخبرنا ابو الفضل احمد	وہ کہتے ہیں کہ مجھے ابو الفضل احمد بن الحسن
بن الحسن بن خیرون	باقلانی نے اس اجازہ میں خبر دی
الباقلانی الامین فیما	جو مجھے عنایت کیا تھا وہ کہتے ہیں کہ
اجازنی اخبرنا ابو الحسن	مجھے ابو الحسن بن حسن بن دوما نے خبر دی
بن الحسن بن دوما ببغداد	بغداد میں وہ کہتے ہیں کہ مجھے احمد
اخبرنا احمد بن النصر	بن نصر بن عبد اللہ بن فتح ذارع
بن عبد اللہ بن الفتح	ہزدوان نے خبر دی وہ کہتے ہیں

الذارع بالنهروان حدثنا	کہ مجھے صدقہ بن موسیٰ بن تمیم
صدقة بن موسی بن	بن ربیعہ ابوالعباس نے خبر دی وہ
تمیم بن ربیعة ابوالعباسؒ	کہتے ہیں کہ مجھ سے میرے باپ نے
حدثنا ابی حدثنا الرضا	بیان کیا اون سے امام رضاؑ نے بیان کیا
عن ابیه موسی بن جعفر	اون جناب سے اُنکے باپ موسیٰؑ بن جعفر
عن ابیه جعفر بن محمد	نے اون سے اون کے باپ جعفر بن
عن ابیه محمد بن علی	محمد نے اُن سے اُن کے باپ محمد
عن ابیه علی بن الحسین	بن علی نے اُن سے اُن کے باپ علی
عن ابیه الحسین بن علی	بن الحسین نے اُن سے اُنکے باپ حسین
بن ابی طالب عن ابیه	بن علی بن ابیطالب نے اُن سے
قال خرجت مع رسول	اُنکے پدر جناب علی علیہ السلام نے روایت
الله صلعم ذات یوم	کی ہے کہ ایکدفعہ میں جناب رسول
نمشی فی طرقات المدینۃ	مقبول کیساتھ مدینہ کے باہر راستوں میں
اذ مررنا بنخل من نخلها	جارہا تھا ہم کھجوروں کے جھنڈ کے
فصاحت نخلة بالاخری	پاس سے گذرے۔ ایک کھجور کے
هٰذ النبی المصطفیٰ و	درخت نے دوسرے سے کہا یہ نبی مصطفیٰ
علیؑ المرتضی ثم جزناها	اور یہ علی مرتضیٰ ہیں پھر ہم وہاں سے

فصاحت ثانیة بثالثة هذا	آگے بڑھے ایک دوسرے کھجور کے درخت
موسیٰ وهذا هارون ثم جزناها	نے تیسرے سے کہا یہ موسیٰ ہیں اور انکے
فصاحت رابعة بخامسة هذا	بھائی ہارون ہیں پھر ہم وہاں
نوح وهذا ابراهيم	سے آگے بڑھے چھٹے نے پانچویں سے
ثم جزناها فصاحت	کہا یہ نوح ہیں اور یہ ابراہیم ہیں
سادسة بسابعة	پھر وہاں سے آگے بڑھے چھٹے نے
هذا محمد سيد النبيين	ساتویں سے کہا یہ محمد سید النبیین
وهذا علی سيد الوصيين	ہیں اور یہ علی سید الوصیین ہیں
فتبسم النبی صلعم ثم قال	جناب رسولخدا صلعم یہ سنکر ہنس پڑے
یا علی انما سمی نخل المدینة	پھر حضرت نے فرمایا یا علی یہ وجہ ہے کہ
صیحانیا لانه صاح	ان کھجوروں کو صیحانی یعنی پکارنے
بفضلی وفضلك	والی کھجوریں کہتے ہیں وہ میرے اور
	تیرے فضیلت میں پکارتی ہیں۔

اور اسی مناقب خطب مطبوعہ کے صفحہ ۲۲ میں جناب امیر المومنین علی علیہ السلام کے یہ القاب ہیں۔

الالقاب امیر المومنین	امیر المومنین ۔ یعسوب الدین
ویعسوب الدین والمسلمین	والمسلمین ومبیر الشرک
ومبیر الشرك والمشركين	والمشرکین وقاتل الناکثین
وقاتل الناكثين والقاسطين	والقاسطین وقاتل المارقین
والمارقين ومولى المومنين	مولی المومنین شبیہ
وشبيه هارون والمرتضى	ہارون ومرتضیٰ

ونفس الرسول واخو	ونفس رسول و اخو
وزوج البتول وسیف اللہ المسلول	و زوج البتول وسیف اللہ المسلول
وابو السبطین وامیر البررۃ	ابو السبطین و امیر البررہ
وقاتل الفجرۃ وقسیم الجنۃ	و قاتل الفجرہ و قسیم الجنۃ
والنار وصاحب اللواء	والنار و صاحب لواء
وسید العرب والعجم و	و سید العرب و العجم و
خاصف النعل وکاشف الکرب	خاصف النعل و کاشف الکرب
والصدیق الاکبر وابو الریحانتین	و صدیق اکبر و ابو الریحانتین
وذو القرنین الھادی	و ذو القرنین و ھادی
والفاروق والواعی والشاھد	و فاروق و داعی و شاہد
وباب المدینۃ وبیضۃ البلد	و باب مدینہ و بیضۃ البلد
والولی والوصی وقاضی	و ولی و وصی و قاضی
دین الرسول ومنجز وعدہ	دین رسول و منجز وعدہ

مولوی محمد مبین لکھنوی کی وسیلۃ النجاۃ کے صفحہ ۶۰ مطبوعہ گلشن فیض نولکشور لکھنو سنہ ۱۳۱۳ھ میں جناب علیؑ کے القاب میں سے اشہر لقب لفظ مرتضیٰ کا ہونا لکھا جاتا ہے

ودر بعضے کتب سیر از بریدہ	بعض کتابوں میں بریدہ سے
نقل کردہ کہ با عباس با جمعی از بنی ہاشم	روایت ہے کہ ہم اور عباس مع بنی ہاشم

وعبد المطلب در مسجد الحرام نشسته بودیم
ناگاه فاطمه بنت اسد مادر علی حیدر
بهم رسید بطواف کعبه مشغول گردید واثنای
طواف به درد زه مبتلا شد و آثار ولادت
وعلامت زائیدن بروے ظاهر گشت و
طاقتش نماند دیدم که دیوار خانۂ کعبه شق
شد و فاطمه درون رفت ما هر چند خواستیم
که درون در آئیم میسر نه شد روز چهارم
علی را بردست گرفته بیرون آمد
ابوطالب خواست که مولود مسعود را زید
نام کند مادرش اراده نمود که آن فرزند ارجمند را
به حیدر موسوم سازد آخر پدر و مادر بحسب
اشارۂ خیر البشر نامش علی قرار دادند
و در مدارج النبوة آنست که تسمیه کرد
ابوطالب بعلی و تسمیه نمود پیغمبر خدا
بصدیق و لقب کرد بامین و شریف
وهادی و مهدی و اذن واعیه

اور اولاد عبد المطلب کے ایک
گروہ کے مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے
اتفاقاً علی حیدر کی مادر گرامی فاطمہ
بنت اسد تشریف لائیں اور طواف
میں مشغول ہوگئیں اثنائے طواف میں
درد زہ میں مبتلا ہوگئیں اور آثار ولادت
اور جننے کی علامت اُن معظمہ پر ظاہر ہوئے کہ
طاقت نہ رہی دیکھا گیا کہ خانہ کعبہ کی دیوار شق
ہوئی اور فاطمہ بنت اسد خانۂ کعبہ کے اندر داخل ہوگئیں
ہم لوگوں نے بہت چاہا کہ اندر پہونچیں لیکن ممکن
نہ ہوسکا چوتھے دن علی کو ہاتھوں پر لئے ہوئے برآمد ہوئیں
ابوطالب نے چاہا کہ مولود مسعود کا نام زید رکھیں اور
مادر گرامی نے ارادہ کیا کہ اُس مبارک بیٹے کا نام حیدر
رکھیں آخر کار رسولخدا کے ارشاد کے موافق ماں باپ
نے اُس فرزند کا نام علی رکھا اور مدارج النبوة میں ہے
کہ ابوطالب نے علی اور رسولخدا نے صدیق کے نام سے
انکو موسوم کیا اور امین و شریف اور ہادی اور مہدی

ویعسوب الامة وکنیتش — اور اذن واعیہ اور یعسوب الامۃ اور

ابوالحسن وابوالحسین وابوتراب — کنیت ابوالحسن وابوالحسین وابوتراب

وابوالسبطین وابوالریحانتین — وابوالسبطین وابوالریحانتین اور

واشہر القابش مرتضی و — مرتضی واسد اللہ الغالب وحیدر الوصی

اسد اللہ الغالب وحیدر الوصی — امیرالمومنین وسید المسلمین اور امام المتقین

وامیرالمومنین وسید المسلمین — اور یعسوب المومنین اور

وامام المتقین ویعسوب المومنین — سید العرب اور ابراروں کے

وسید العرب وامام البررة و — امام اور فاجروں کے

قاتل الفجرة وذوالقرنین و — قاتل ذوالقرنین اور تقسیم کنندہ

وقسیم النار والجنة وغیر ذلک — دوزخ وبہشت انکے مشہور القاب ہیں اور انکے سوا

مما یطول شرحہا بود — اور القاب بھی ہیں جنکا ذکر باعث طوالت ہے

مصطفی

لفظ مصطفی ومرتضی ومجتبی ومختار باہم مرادف وہم معنی ہیں تفسیر مدارک التنزیل و تفسیر معالم التنزیل وغیرہ میں ہے:-

ان اللہ اصطفی آدم — بے شک اللہ نے آدم کو برگزیدہ

اختار آدم اصطفی اختار افتعل — کیا اصطفی یعنی اختار افتعل کے وزن

من الصفوة وھی الخالص من — پر ہے جسکا مادہ صفوة ہے اور وہ

کل شئی ان اللہ اصطفی لکم الدین — ہر خالص شئے ہے یعنی خدا نے تمہارے

دینھم الذی ارتضی دین کو اصطفے کیا یعنی مرتضیٰ

لھم ای اختار (سورہ آل عمران وبقرہ ونور) کیا اور اختیار کیا۔

زرقانی جلد ثالث میں ہے:۔

المجتبیٰ اسم مفعول من الاجتباء مجتبیٰ مصدر جتباء سے مشتق ہے اور

وھو الاصطفاء اسم مفعول ہے اور وہ اصطفیٰ (کا مرادف) ہے

المختار اسم مفعول من الاختیار مختار مصدر اختیار سے ہے اور اسم مفعول

وھو الاصطفاء اور وہ اصطفیٰ (کا ہم معنی) ہے

المرتضیٰ الذی رضیہ اللہ مرتضیٰ اسکو کہتے ہیں جسکا مولا جس سے خوش ہو

ای احبہ واصطفاہ اور اسے دوست رکھے اور منتخب کرے۔

تفسیر جلالین میں سترہ انبیا کا مجتبیٰ یعنی مختار ہو کر ہادی صراط مستقیم ہونا۔

ووھبنا لہ اسحٰق[1] ویعقوب[2] کلا ھدینا ونوحا[3] ھدینا من قبل ومن ذریتہ

داؤد[4] وسلیمٰن[5] وایوب[6] ویوسف[7] وموسیٰ[8] وھرون[9] وکذلک نجزی المحسنین

وزکریا[10] ویحیٰی[11] وعیسیٰ[12] والیاس[13] کل من الصلحین واسمعیل[14] والیسع[15] ویونس[16] ولوطا[17]

وکلا فضلنا علی العالمین ومن اٰبائھم وذریتھم واخوانھم واجتبینٰھم وھدینٰھم

الی صراط مستقیم یعنی واخترناھم وھدینٰھم الی الصراط المستقیم اور ہم نے ان سب کو

برگزیدہ کیا اور اُن کو راہ راست بتائی یعنی ہم نے اُن سب کو اختیار کیا اور راہ راست دکھائی

مختار رسول کا خطاب ہے مصطفیٰ اور علی کا خطاب ہے مرتضیٰ اور مصطفیٰ و مرتضے

دونوں کے ایک معنی ہیں مختار اسلئے علی کے مختار ہونے پر چند حدیثیں پیش کی جاتی ہیں (کہ ان احادیث میں لفظ مختار دلیل سے مرتضیٰ و مصطفیٰ ہوگا)

قال رسول اللہ صلعم	جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا سے رسول اللہ نے
لفاطمۃ ان اللہ اطلع علی اھل	فرمایا بتحقیق جب اللہ تعالیٰ مطلع ہوا
الارض فاختار اباك و	تمامی اہل زمین سے تو تمھارے باپ اور
و بعلك	شوہر کو برگزیدہ کیا۔

(دیکھو منصب امامت محمد اسمٰعیل نبیرۂ شاہ عبدالعزیز دہلوی) مطبع فاروقی دہلی

مودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی کے مودۃ ثالثہ میں یہ حدیث ہے۔

عن علی علیہ السلام قال	جناب امیر سے مروی ہے کہ رسول خدا نے مجھے
قال رسول اللہ صلعم ان اللہ	فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا کو دیکھا اور مجھ کو تمام
اشرف الدنیا فاختارنی علی	عالم کے مردوں میں منتخب کیا پھر دوسری بار
رجال العالمین ثم اطلع الثانیۃ	دنیا کو دیکھا اور اے علی تم کو تمام عالم کے
واختارك علی رجال العالمین ثم	مردوں میں منتخب کیا پھر تیسری مرتبہ
اطلع الثالثۃ فاختار الائمۃ من	دنیا کو دیکھا پس اماموں کو جو تمھاری
ولدك علی رجال العالمین ثم	اولاد سے ہونگے تمام عالم کے مردوں میں منتخب
اطلع الرابعۃ فاختار فاطمۃ علیٰ	کیا چوتھی بار دنیا پر نگاہ کی اور فاطمہ کو
نساء العالمین۔	تمام عالم کی عورتوں میں منتخب کیا۔

دلیل دوم نیز اصطفیٰ کے معنی ہیں مختار دلیل علامت اصطفیٰ ہے سلام بحکم آیۂ کریمہ قل الحمد للہ سلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ (اے محمد کہہ حمد اللہ کے واسطے ہے اور اُسکے بندوں پر جنکو اُسنے برگزیدہ کیا سلام ہے) لہذا مصطفےٰ و مختار کی علامت ہے سلام۔ اور صدر اول ہی سے حضرت علی و بتول کے لئے لفظ سلام ضرور سمجھا گیا اور اصحاب و تابعین و رواۃ حدیث نے انھیں علیہ السلام کہا اور لکھا گیا لہذا علی و بتول ہیں مصطفےٰ۔ اسباب[1] النزول واحدی صفحہ ۲۶۶ و ۲۶۷ مطبوعہ مصر ۱۳۱۵ھ میں یہ حدیث ہے،

اخبرنا ابوبکر الحارثی	خبر دی ہم کو ابوبکر حارثی نے کہا خبر
قال اخبرنا ابو محمد بن حبان	دی ہم کو ابو محمد بن حبان نے کہا خبر
قال اخبرنا احمد بن عمرو	دی ہم کو احمد بن عمرو بن ابی عاصم نے
بن ابی عاصم قال اخبرنا	کہا خبر دی ہم کو ابو الربیع زہرانی نے کہا
ابو الربیع الزہرانی قال	خبر دی ہم کو عمار بن محمد ثوری نے
اخبرنا عمار بن محمد	کہا خبر دی ہم کو سفیان نے
الثوری قال اخبرنا	ابی حجاف سے اُس نے
سفیان عن ابی الجحاف[2]	عطیہ سے اوس نے ابو سعید

ع۱ توثیق (اسباب النزول) کشف الظنون میں ہے۔ اسباب النزول للشیخ الامام ابی الحسن علی بن احمد الواحدی المفسر المتوفی سنہ ۴۶۸ھ وھو اشہر ما صنف فیہ ع۲ توثیق (ابی الجحاف) صحیح ترمذی جلد ثانی ابواب المناقب میں ہے۔ ابو الجحاف اسمہ داؤد بن ابی عوف ویروی عن سفیان الثوری قال نا ابو الجحاف وکان مرضیا یعنی ابو الجحاف کا نام داؤد بن ابی عوف ہے اور مروی ہے سفیان ثوری سے کہ کہا اُسنے حدیث کی ہم سے ابو الجحاف نے اور یہ شخص پسندیدہ تھا۔

عن عطیۃ عن ابی سعید	سے کہ آیہ انما یرید اللہ لیذھب
انما یرید اللہ لیذھب عنکم	عنکم الرجس اھل البیت یطھرکم
الرجس اھل البیت و یطھرکم	تطھیرا پنجتن پاک کے حق میں
تطھیرا قال نزلت فی خمسۃ	نازل ہوئی ہے اور وہ پنجتن رسولخدا
علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم	صلعم اور علی و فاطمہ و حسن
وعلی و فاطمۃ والحسن والحسین	و حسین علیہم السلام ہیں۔
علیھم السلام	

خصائص نسائی کے نمبر ۱۲۳ کی یہ حدیث زمانہ تزویج جناب فاطمہ علیہا السلام کی لکھی جاتی ہے۔

ابنانا احمد بن شعیب قال اخبرنا	احمد بن شعیب نے کہا کہ ہمسے جریر بن حریث نے اُس سے
الجریر بن حریث قال ابنانا الفضل	فضل بن موسیٰ نے حسین بن موسیٰ سے اُسنے واقدی
بن موسی عن الحسین بن معسی عن واقد	اسنے عبداللہ بن بریدہ سے اُسنے اپنے پدر بریدہ سے
عن عبد اللہ بن بریدۃ عن ابیہ قال خطب	روایت کی ہے کہ ابوبکر و عمر نے اپنی النبت کا پیغام
ابوبکر و عمر فاطمۃ علیہا السلام فقال رسول اللہ	حضرت فاطمہ علیہا السلام سے بھیجا تاکہ حضرت صلعم

۵ وثیق (عطیہ) یہ غیر منسوب صحابی ہیں جنکی توثیق صفحہ ۱۴ کتاب تکمیل میں گذرچکی جنکی حدیث آیہ تطہیر باسناد دیگر بھی ہے اور صحیح مسلم جلد ثانی صفحہ ۲۸۳ مطبوعہ دہلی میں ہے۔ حدثنا ابوبکر بن ابی شیبہ و محمد بن عبداللہ بن نمیر واللفظ لابی بکر قال ثنا محمد بن بشر عن زکریا عن مصعب بن شیبۃ عن صفیۃ بنت شیبۃ قالت قالت عائشۃ خرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم ذات غداۃ وعلیہ مرط مرحل من شعر اسود فجاء الحسن بن علی فادخلہ ثم جاء الحسین فدخل معہ ثم جاءت فاطمۃ فادخلھا ثم جاء علی فادخلہ ثم قال انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا۔ اور صحیح ترمذی کی حدیث آیہ تطہیر حضرت ام سلمہ کے سند کی دیکھو صفحہ ۲۵۹۔ کتاب تکمیل

صلی اللہ علیہ وسلم انہا صغیرۃ ؏ — انکا نکاح ہمارے ساتھ کردیں حضرت نے فرمایا

فخطبہا علی علیہ السّلام — وہ ابھی چھوٹی ہیں پھر حضرت علی نے نکاح کا پیغام

فزوجہا منہ — بھیجا پس رسولؐ خدا نے جناب فاطمہ علیہا السلام کا نکاح علی علیہ السلام کے ساتھ کردیا۔

؏ جناب فاطمہ کا عقد نکاح سنہ ۲ ھ میں جبکہ دسویں سال میں تھیں واقع ہوا کیونکہ وہ جناب بعثت نبوی کے پانچ سال بعد پیدا ہوئی ہیں کتاب روضۃ الشہدا فارسی حسین بن علی واعظ کاشفی صاحب تفسیر حسینی کے باب چہارم صفحہ ۵۰ مطبوعہ نولکشور سنہ ۱۸۷۳ء اور تاریخ حبیب السیر جز اول جز سیم صفحہ ۸۹ سنہ ۱۸۵۷ء میں شیخ ابو محمد خشاب تاریخ موالید و وفات اہلبیت و سید کائنات باسناد خود از ابی جعفر محمد بن علی الباقر روایت نمودہ کہ تولد فاطمہ بعد ظہور نبوت و نزول وحی بہ پنج سال اتفاق افتاد یعنی روضۃ الشہدا اور تاریخ حبیب السیر میں امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ ولادت باسعادت جناب فاطمہ علیہا السلام کی ظہور نبوت اور نزول وحی کے پانچ سال بعد واقع ہوئی یعنی چھٹے سال کے آغاز میں ولادت ہوئی جس سے کہ میں آٹھ سال کی تھیں باقی ۱۰ سال ۷۵ دن مدینہ میں چنانچہ روضۃ الندیہ سید محمد بن اسمٰعیل امیر صنعانی کے صفحہ ۱۱ مطبوعہ انصاری دہلی سنہ ۱۳۲۲ھ میں ہے ذکر الامام ابو بکر احمد بن نصر بن عبد اللہ انہ روی فی کتاب تاریخ موالید اہل البیت علیہم السّلام انہا توفیت وہی ابنۃ ثمان عشرۃ [۱۸] وخمس سبعین [۷۵] یوماً منہا بمکۃ ثمان سنین و باقی بالمدینۃ.. وکانت ولادتہا بعد النبوۃ بخمس سنین۔

اس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ جب حضرت شعب ابوطالب میں محصور رہے ہیں تو حضرت فاطمہ کا سن تقریباً ایک سال کا تھا چنانچہ سیرۃ النبی شبلی جلد اول میں ہے ....

صفحہ ۱۷۹ | محرم سنہ ۷ نبوی شعب ابو طالب میں محصور ہونا | ابو طالب مجبور ہوکر تمام خاندان ہاشم کے ساتھ شعب ابو طالب میں پناہ گزیں ہوئے تین سال تک بنو ہاشم نے اس حصار میں بسر کی یہ زمانہ ایسا سخت گذرا کہ طلح کے پتے کھا کھا کر رہتے تھے۔

صفحہ ۱۹۳ ابو طالب آنحضرت (صلے اللہ علیہ وسلم) سے ۳۵ برس عمر میں بڑے تھے، ابو طالب کی وفات کے چند ہی روز بعد حضرت خدیجہ نے بھی وفات کی۔ حضرت خدیجہ نے رمضان سنہ ۱۰ نبوی میں وفات کی۔ ابو طالب اور خدیجہ کے اٹھ جانے کے بعد قریش کو کسکا پاس تھا؟ اب وہ نہایت بے رحمی و بیباکی سے آنحضرت صلعم کو ستاتے تھے۔

صفحہ ۱۹۶ ایک دفعہ آپ حرم میں نماز پڑھ رہے تھے رؤسائے قریش بھی موجود تھے ابو جہل نے کہا کاش اسوقت کوئی جاتا اور اونٹ کی اوجھ نجاست سمیت اٹھا لاتا کہ جب محمد سجدہ میں جاتے تو اُن کی گردن پر ڈال دیتا عقبہ نے کہا یہ خدمت میں انجام دیتا ہوں چنانچہ اوجھ لاکر آپکی گردن پر ڈالدی قریش مارے خوشی کے ایک دوسرے پر گرے پڑتے تھے کسی نے جاکر حضرت فاطمہ کو خبر کی کہ وہ اگرچہ اسوقت صرف پانچ چھ برس کی تھیں لیکن جوشش محبت سے دوڑی آئیں اور اوجھ کو ہٹا کر عقبہ کو بُرا بھلا کہا اور بددعائیں دیں، پس شبلی صاحب کی تحقیق کے مطابق اسوقت یعنی سنہ ۱۰ نبوی میں حضرت فاطمہ پانچ سال کی تھیں جسکی تائید حدیث مذکورہ سے ہوتی ہے سنہ ۶ نبوی میں ولادت سنہ ۷ سنہ ۸ سنہ ۹ و سنہ ۱۰ نبوی میں پانچ سال، اور سنہ ۱۳ نبوی میں آٹھ سال کی عمر صحیح ہوگئی۔ مولف

حدیث مذکورہ میں دو صحابی حضرت عبداللہ و حضرت بریدہ اور چند تابعی جناب علی کو علیہ السلام کے ساتھ بموجب حکم آیت صدر روایت کرتے ہیں۔ اور خصائص نسائی کی حدیث نمبر ۱۱۷ میں ہے۔

عن ابن یحیی قال قال	یعنی ابن یحیی سے روایت ہے کہ
علی علیہ السلام کان لی	علی علیہ السلام نے فرمایا میرے لئے حضرت
من رسول اللہ صلعم مدخلان	صلعم کے پاس آنے کے دو وقت
مدخل باللیل ومدخل بالنہار	تھے ایک وقت رات کا ایک وقت دن کا ہر

اور سر الشہادتین شاہ عبدالعزیز دہلوی میں ہے:-

ابو نعیم عن اصبغ بن	ابو نعیم نے اصبغ بن نباتہ سے
نباتہ قال اتینا مع علی علیہ السلام	روایت کی ہے کہ ہم آئے تھے علی علیہ السلام
علی موضع قبر الحسین قال ھٰھنا مناخ	کے ساتھ قبر حسین پر سو کہا جناب امیر
رکابھم وموضع رحالھم	نے کہ یہ شہیدوں کے اونٹ بندھنے کا
ومھراق دماءھم فتیۃ من	مقام ہے اور یہ کجاوہ رکھنے کی جگہ ہے
آل محمد یقتلون بھذہ	اور یہ انکے خون بہنے کا مقام ہے کتنے
العرصۃ تبکی علیھم	جوان محمد کے اہلبیت اس میدان میں
السماء والارض	مارے جاویں گے جنپر روئے گا آسمان زمین

اور ینابیع المودۃ صفحہ ۱۲۶ مطبوعہ اسلامبول ۱۳۰۱ھ میں یہ حدیث ہے:-

فی المناقب عن اصبغ	مناقب میں اصبغ بن نباتہ نے جناب
بن نباتہ عن علی علیہ	علی علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ
السلام قال نزل القرآن	قرآن چار حصوں پر نازل ہوا ایک
علی ربعۃ ارباع ربع	چہارم ہم آل محمد کے حق میں اور
فینا و ربع فی عدونا و	ایک چہارم ہمارے دشمنوں کی
ربع سنن و امثال و ربع	مذمت میں ایک چہارم سنن و
فرائض و احکام و لنا	امثال میں ایک چہارم فرائض
کرائم القرآن	و احکام میں۔

دلیل سوم آیۂ اصطفے سے آل محمد سلام اللہ علیہم کا ثبوت اصطفیٰ چنانچہ تفسیر ابو اسحاق ثعلبی[1] قلمی کہنہ جسکا سنہ کتابت ۶۱۹ھ ہجری ہے اور جو کتبخانہ جناب ممتاز العلماء طاب ثراہ واقع لکھنؤ میں موجود ہے۔

اخبرنی ابو محمد عبد اللہ	کہا خبر دی مجھکو ابو محمد عبد اللہ بن محمد بن
بن محمد بن عبد اللہ القائنی	عبد اللہ قائنی نے کہا خبر دی ہمکو
نا ابو الحسین محمد بن عثمان	ابو الحسین محمد بن عثمان

---

[1] مدح (ثعلبی) عبر شمس الدین ذہبی میں ہو قایع سنہ سبع و عشرین و اربعمائۃ و فیہا توفی ابو اسحاق الثعلبی احمد بن محمد بن ابراہیم النیسابوری المفسر روی عن ابی محمد المخلدی و طبقتہ من اصحاب الراج و کان حافظاً واعظاً راساً فی التفسیر و العربیۃ متین الدیانۃ توفی فی المحرم اور (مرآۃ الجنان یافعی میں ہے) ابو اسحاق الثعلبی احمد بن محمد بن ابراہیم النیسابوری المفسر المشہور کان حافظاً واعظاً فی التفسیر و العربیۃ و الدین و الدیانت فاق تفسیرہ الکبیر سائر التفسیر۔

بن الحسين النصيبي نا ابوبکر	بن الحسین نصیبی نے کہا خبر دی ہمکو
محمد بن الحسين بن صالح	ابو بکر محمد بن الحسین بن صالح
السبيعي نا احمد بن محمد	سبیعی نے کہا خبر دی ہمکو احمد بن محمد
بن سعيد نا احمد بن ميثم	بن سعید نے کہا خبر دی ہم کو احمد بن میثم
بن ابي نعيم نا ابو جنادة	بن ابو نعیم نے کہا خبر دی ہمکو ابو جنادہ
السلولي عن الاعمش عن	سلولی نے اعمش سے انھوں نے
ابي وائل[ع۵] قال قرأت في مصحف	ابو وائل سے روایت کی ہے کہ پڑھا میں نے
عبد الله ابن مسعود ان الله	مصحف عبد اللہ بن مسعود میں بتحقیق
اصطفى آدم ونوحا وآل	اللہ تعالٰے نے آدم اور نوح اور آل
ابراهيم وآل عمران وآل محمد	ابراہیم اور آل عمران اور آل محمد کو
على العالمين ذرية بعضها	سارے جہان سے برگزیدہ کیا اور بعض کی
من بعض والله سميع عليم	اولاد کو بعض سے اور خدا (سبکی) سنتا اور سب کچھ جانتا ہے

ع۵ توثیق (ابی وائل) طبقات ابن سعد جلد ۶ میں ہے۔ ابو وائل واسمه شقيق بن سلمة الاسدي احد بني مالك بن مالك بن ثعلبة ابن دودان بن اسد بن خزيمة وقد روى ابو وائل عن عمر وعلي وعبد الله وابا مسعود بن زيد وحذيفة وابي موسى وابن عباس وعزره بن قيس واتى الشام فسمع من ابي الدرداء وروى عن ابن الزبير وسلمان بن ربيعة وحضر غزوة بلنجر مع سلمان بن ربيعة. كان كثير الحديث وقال اخبرنا وكيع بن الجراح عن ابي العنبس عمرو بن مروان قال قلت لابي وائل هل ادركت النبي صلعم قال نعم وانا غلام امرد وللاكمال ايضا في الاكمال في الاسماء الرجال میں ہے۔ وهو كثير الحديث ثقة حجة مات زمن الحجاج وقيل سنة تسع وتسعين

آیت اصطفیٰ مذکورہ میں آخری حصہ ذرّیۃ بعضہا من بعض واللہ سمیع علیم
ہے جسکا ذکر اس حدیث طینت میں بھی وارد ہے صواعق محرقہ ابن حجر مکی مطبوعہ مصر کے
صفحہ ۱۰۳ اور ینابیع المودۃ کے صفحہ ۴۶ سے لکھی جاتی ہے۔

وقع لبریدۃ انہ کان مع علی
فی الیمن فقدم المدینۃ مغضبا
علیہ واراد شکایتہ بجاریۃ
اخذھا من الخمس فقالوا لہ
اخبرہ لیسقط من عینیہ و
رسول اللہ صلعم یسمع من وراء
الباب فخرج مغضبا فقال
ما بال قوام یبغضون علیا
من ابغض علیا فقد ابغضنی
ومن فارق علیا فقد فارقنی
ان علیا منّی وانا منہ خلق من
طینتی وخلقت من طینت ابراھیم
وانا افضل من ابراھیم ذریۃ
بعضہا من بعض واللہ سمیع علیم

واقع ہوئی بریدہ سے یہ بات کہ وہ
تھے علی کے ساتھ یمن میں اسکے بعد آئے مدینہ
میں غضبناک اور ارادہ کیا تھا شکایت
کا اُس لونڈی کی جو لے لیا تھا علی نے خمس سے
پس لوگوں نے کہا کہ خبر دو رسول خدا کو اس قصہ کی تاکہ
علی انکی نظر سے گر جائیں اور وہ اس قصہ کو رسول خدا پس در سے
سُن رہے تھے پس برآمد ہوئے غضبناک اور
فرمایا کہ کیا ارادہ ہے قوم کا غضبناک
کرنے میں علی کے اور جو غضبناک کریگا علی کو
اُسنے مجھے غضبناک کیا اور جو شخص مفارقت
کرے گا علی سے اُسنے مجھ سے مفارقت کی بتحقیق
علی مجھ سے ہیں اور میں علی سے ہوں علی پیدا کئے گئے
میری مٹی سے اور میں پیدا کیا گیا ابراہیم کی مٹی سے
اور میں افضل ہوں ابراہیم سے ذریۃ بعضہا من بعض واللہ سمیع علیم

یا بریدۃ اما علمت ان لعلی   کی تفسیر ہم ہی ہیں اے بریدہ جانا تھنے
اکثر من الجاریة التی اخذھا   اس بات کو کہ واسطے علی کے زیادہ حصہ ہے
وانه ولیکم من بعدی   اُس لونڈی سے جسکو علی نے لیلیا ہے اور تحقیق علی
(اخرجہ الطبرانی)   میرے بعد تمھارا مالک و مختار ہے۔

دلیل چہارم جناب علی علیہ السلام ایسے آل محمد سے ہیں جنپر خود خداوند عالم مثل حضرت نوح و ابراہیم و موسیٰ و ہارون و عیسیٰ علیہم السلام کے سلام بھیجتا ہے نیز علامت اصطفیٰ ہے سلام اور آل یاسین پر کیا خدانے سلام اور آل یاسین سے مراد ہیں آل محمد لہٰذا آل محمد ہیں مصطفیٰ۔ قولہ تعالیٰ

سلامٌ علیٰ الِ یاسین   یعنی سلام ہو اوپر آل یاسین کے

اور صفحہ ۱۱ مطبوعہ لیدن یورپ میں جسکا نسخہ لائبریری الہ آباد میں موجود ہے جھزوا جیش اسامۃ لعن اللہ من تخلف عنہا سے سخت تاکیدی حکم ہے نیز تاریخ مظفری[عہ] ابراہیم بن عبد اللہ میں جسکا قلمی نسخہ ۱۸۷۳ء کا نوشتہ لائبریری الہ آباد میں موجود ہے، عبارت مذکورہ وارد ہے اور حجج الکرامہ فی آثار القیامہ نواب سید صدیق حسن خاں صفحہ ۱۰۱ مطبوعہ شاہجہانی بھوپال ۱۲۹۱ھ اور وسیلۃ النجاۃ مولوی محمد مبین لکھنوی فرنگی محلی کے صفحہ ۱۹ مطبوعہ گلشن فیض مولوی گنج لکھنؤ ۱۳۱۳ھ میں ہے کہ روایت میں جہزوا جیش اسامۃ لعن اللہ من تخلف عنہا وارد ہے یعنی تیاری کرو لشکر اسامہ کی خدا لعنت کرے ان پر جو لشکر اسامہ سے تخلف کریں یعنی لشکر کے ساتھ جانے سے باز رہیں۔

اور کتاب مراۃ الاسرار[عہ] عبد الرحمٰن بن عبد الرسول بن قاسم میں ہے۔ من تخلف عن جیش اسامۃ فھو ملعون۔ (تشئید المطاعن) یہی دوسرا حکم رسولخدا کا دو دن وفات سے پہلے کا ہے۔ جسکی وجہ یہ ہے چونکہ رسولخدا اس امر سے واقف تھے کہ حاسدین و مفسدین میری وفات کے بعد علی کو خلافت نہ پہونچنے دینگے اور خود مدعی ہوجائینگے لہذا آپ نے عین مرض الموت میں گیارہ دن پہلے لشکر اسامہ کے ساتھ جانے کا حکم دیا۔ پھر دو دن قبل اس سختی کے ساتھ روانگی کا حکم صادر فرمایا ورنہ کوئی موقع ۲۰ دن کی

عہ توثیق (تاریخ مظفری) کشف الظنون میں ہے التاریخ المظفری للقاضی شہاب الدین ابراھیم بن عبد اللہ ابی الدم الحموی المتوفی ۶۴۲ھ وھو تاریخ یختص بالملۃ الاسلامیۃ فی ست مجلدات۔

عہ توثیق (مراۃ الاسرار) عبد الرحمٰن بن عبد الرسول۔ رسالہ انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ (شاہ ولی اللہ دہلوی) میں ہے در مراۃ الاسرار مذکور است کہ حضرت گنج شکر در راحت القلوب میفرماید کہ من میخواستم کہ نعمت سجادہ ملک ہندوستان را بکسے دہم۔ ہاتف غیبی آواز داد کہ شیخ نظام الدین در راہ است بدار تا وے برسد (از تشئید صفحہ ۷۲)

راہ پر لشکر بھیجنے کا اور صحابہ کو اپنے پاس سے جدا کرنے اور شہر مدینہ کو قریش سے خالی کرنیکا نہ تھا۔ غرض یہ عتاب متخلفین و نافرمان صحابہ پر ۹ ربیع الاول یوم شنبہ کو دسویں دن ۲۹ صفر پنجشنبہ حکم اول سے تھا، یہی مقام قابل توجہ ارباب تحقیقین ہے۔ اسی تاریخ سے مغالطہ ہے کیونکہ ۱۰ ربیع الاول شنبہ سے بارہ ربیع الاول دوشنبہ اور یکم ربیع الاول پنجشنبہ ہوتا ہے، جو قبل اسکے ۲۹ صفر پنجشنبہ سے یکم صفر پنجشنبہ اور ۱۲ صفر دوشنبہ۔ کل ارباب سیر وحفاظ حدیث لا چکے ہیں گویا ماہ صفر کو ربیع الاول میں ضم کر ۱۲ ربیع الاول وفات یعنی کہتے ہیں۔ اسی حساب کو شاہ ولی اللہ محدث دہلوی بھی سرور المحزون میں ۱۲ ربیع الاول دوشنبہ ۱۳۔ دن بیماری کے قرار دیکر لکھا ہے حالانکہ ۲۸ صفر چہارشنبہ کا چودہواں دن ۱۲۔ ربیع الاول سہ شنبہ بدیہی ہے جو کہ وفات کے وقت ابو بکر[ع] موجود نہ تھے اور دوسرے دن بوقت ضحیٰ یعنی پہر دن چڑھے آئے ہیں اس لئے تاریخ و وقت وفات میں اسکا اہتمام مدنظر رکھا گیا ہے کہ بیعت ابو بکر حضرت کے وفات پاتے ہی قرار پاجائے چنانچہ اسد الغابہ فی الصحابہ ابن اثیر جزری جلد ۲ میں ہے عن عبد الرحمن بن عمر عن نافع عن ابن عمر اور تاریخ الخلفا سیوطی میں ہے۔ عن عائشۃ وابن عمر وسعید بن المسیب وغیرھم ان ابا بکر بویع یوم قبض رسول اللہ صلعم یوم الاثنین لاثنتی عشرۃ لیلۃ خلت من ربیع الاول سنۃ احدی عشرۃ من الھجرۃ یعنی حضرت عائشہ و

ع۔ سیرت حلبی جلد ۳ صفحہ ۳۸۲ میں ہے وفی روایتان سالم بن عبید ذھب وراء الصدیق الی السنح فاعلم بموت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یعنی سالم بن عبید نے جاکر ابو بکر کو موت رسول کی خبر دی اور حضرت ابو بکر مقام سنح (مدینہ سے دو میل پر ہے) میں تھے۔

ابن عمر و سعید بن المسیب سے مروی ہے کہ ابوبکر کی بیعت وفات النبی کے دن بارہ ربیع الاول دوشنبہ کو واقع ہوئی

عمدۃ القاری شرح بخاری جلد ۸ میں ہے۔

فی حدیث ابو یعلی باسنادہ عن انس انہ توفی اخر نہار یوم الاثنین یعنی حافظ ابو یعلی نے اپنے اسناد کے ساتھ انس سے روایت کی ہے کہ حضرت کی وفات آخر یوم دوشنبہ کے آخر وقت ہوئی

اور شبلی نعمانی بھی سیرت جلد ثانی صفحہ ۱۴۳ پہلی سطر میں لکھتے ہیں۔

اب وفات کا وقت قریب آرہا تھا سہ پہر تھی۔ زیر حاشیہ نمبر ایک مرقوم ہے ابن اسحاق نے سیرت میں لکھا ہے کہ وفات دوپہر کو ہوئی لیکن انس بن مالک سے بخاری و مسلم میں یہ روایت ہے کہ آخر یوم یعنی دوشنبہ کے آخر وقت میں وفات فرمائی۔

اسد الغابہ ابن اثیر جزری جلد اول صفحہ ۳۳ و ۳۴ میں ہے عن انس وتوفی اخر ذلک الیوم قال ابو عمر[ؒ] ثم بدا ءبرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مرضہ الذی مات فیہ یوم الاربعاء لیلتین بقیتا من صفر سنۃ احدی عشرۃ و قبض یوم الاثنین ضحی فی الوقت الذی دخل فیہ المدینۃ لاثنی عشرۃ خلت من

ف[۵] توضیح ابو عمر۔ تذکرۃ الحفاظ ذہبی میں ہے۔ ابو عمر ابن عبد البر الامام شیخ الاسلام حافظ المغرب ابو عمر یوسف بن عبد البر لہ توالیف لا مثل لہا فی جمیع معنیہا منہا الکافی فی عشر مجلدات ومنہا کتاب الاستیعاب لیس لاحد مثلہ۔

ربیع الاول ۔ یعنی انس سے روایت ہے کہ وفات النبی آخر دن میں واقع ہوئی اور ابو عمر صاحب استیعاب نے کہا ہے کہ جس مرض میں رسول اللہ نے رحلت فرمائی اسکی ابتداء ۲۸ صفر چہارشنبہ سنہ ۱۱ھ اور وفات دوشنبہ کے دن وقت ضحیٰ (پہر دن چڑھے) ہے جو وقت ہجرت کرکے داخل مدینہ منورہ ہوئے تھے بارہ ربیع الاول تھی۔

انس خادم رسول اللہ کی روایت سے وفات یعنی شام کو واقع ہوئی کہ تھوڑا وقت گذرنے پر شب آگئی اور ابوبکر وغیرہ جیش اسامہ کے ہمراہ والے نیز وہ کل صحابہ جو طلب قرطاس کے مقدمہ میں حسبنا کتاب اللہ کہنے اور عدم امتثال امر سے بارگاہ نبوی سے بزبان رسول قوموا عنی (کما فی الصحیحین) اٹھا دیئے گئے تھے اسوقت وہ سب غیر حاضر تھے

اور حافظ ابو عمر بھی جمہور اہل سیر و محدثین کے مطابق ۲۸ صفر چہارشنبہ سنہ ۱۱ھ کو ابتداء مرض النبی قبول کرتے ہوئے وفات یعنی بارہ ربیع الاول دوشنبہ کہتے ہیں حالانکہ خود انہیں کے قول سے یکم صفر پنجشنبہ ۔ دس صفر شنبہ بارہ صفر دوشنبہ ۲۹ صفر پنجشنبہ جس کے بعد یکم ربیع الاول جمعہ ۲ ربیع الاول شنبہ دس ربیع الاول یکشنبہ گیارہ ربیع الاول دوشنبہ اکاسویں دن رسول اللہ کی وفات کی تاریخ برآمد ہوتی ہے ۱۳ دن مرض النبی اور دس سال کامل ہجرت کے اور بارہ ربیع الاول سہ شنبہ جو ۲۸ صفر چہارشنبہ کا چودھواں دن اور ۱۸ ذیحجہ پنجشنبہ کا بیاسیواں دن ہوا شمار کرلو۔

اور حضرت عائشہ کی حدیث سے وفات ابوبکر ۲۲ جمادی الثانی سنہ ۱۳ھ اور اسی

حدیث میں مدت خلافت "سنتین ثلاثة اشهر عشر لیال" یعنی دو برس تین مہینہ دس راتیں ہیں یہ آخر کی دس راتیں شب سہ شنبہ بارہویں ربیع الاول سے بائیسویں جمادی الثانی تک ختم ہوتی ہیں یہ بھی واضح ہو کہ ہر پنجشنبہ کا اکاسواں دن دوشنبہ بیاسواں دن سہ شنبہ اور ہر جمعہ کا اکاسواں دن سہ شنبہ بیاسواں دن چہارشنبہ اور ہر شنبہ کا اکاسواں دن چہارشنبہ ہوتا ہے اور بیاسواں دن پنجشنبہ اور ہر یکشنبہ کا اکاسواں دن پنجشنبہ بیاسواں دن جمعہ اور ہر دوشنبہ کا اکاسواں دن جمعہ بیاسواں دن شنبہ اور ہر سہ شنبہ کا اکاسواں دن شنبہ بیاسواں دن یکشنبہ اور ہر چہارشنبہ کا اکاسواں دن یکشنبہ بیاسواں دن دوشنبہ ہوتا ہے۔

پس ابو بکر کا بارہ ربیع الاول سہ شنبہ کو پہر دن چڑھے آنا اور وقت ضحیٰ کا بڑھایا جانا معلوم کر چکے اب دیکھو سقیفہ والوں کی خلافت کا مسئلہ طے ہونا کم سے کم ایک شبانہ روز گذرنے کے بعد تیرھویں شب ربیع الاول سے شروع ہے جسکی سند کے لئے دیکھو معارف ابن قتیبہ مطبوعہ مصر ۱۳۰۰ھ اور مطبوعہ فرنگستان صفحہ ۸۵۔

(ترجمہ) ابو بکر..... قال ابن اسحاق فکانت خلافته سنتین وثلاثة اشهر وتسع لیال یعنی ابن اسحاق سے مروی ہے کہ مدت خلافت ابو بکر ۲ سال ۳ مہینہ ۹ راتیں ہیں

یہ نو راتیں تیرہویں ربیع الاول ۱۱ھ شب چہارشنبہ سے شروع ہو کر بائیسویں جمادی الثانی ۱۳ھ تک دو سال ۳ مہینے نو راتیں گذریں۔

غرض حضرتِ عائشہ کی اور ابن اسحاق تابعی کی روایتوں سے ایک شبانہ روز بعد وفات نبی صلوات اللہ علیہ کے جانشینی سے خالی رہتی ہے؟ نہیں! حضرت پیغمبر کی جانشینی ایک دقیقہ کے لئے بھی خالی نہیں رہ سکتی، جسطرح حضرت موسیٰ کے وفات پاتے ہی فوراً جناب یوشعؑ خلیفہ رسول خدا ہو گئے ویسے ہی حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وفات پاتے ہی عین اکاسویں دن جناب علی علیہ السلام جو وصی و وارث و خلیفہ[عہ] حالت حیات و ممات ہر دو میں تھے، آپ کے حقیقی قائم مقام ہوئے اور جو مثل حضرت یوشع علیہ السلام وصی جناب موسیٰ علیہ السلام کے تیس سال زندہ رہے۔ نیز امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نے جسد اقدس حضرت پیغمبر محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بشرکت و اعانت حضرت جبرئیل علیہ السلام کے غسل دیا، تکفین و تدفین کی اور نماز میت سے سرفراز ہوئے وہ اصحاب سقیفہ والے دنیا طلب اس شرف سے محروم رہے فی کنز العمال عن عروۃ قال ان ابابکر و عمر رضی اللہ عنہما لم یشہدا دفن النبی کان فی الانصار فدفن قبل ان یرجعا (ج ۳ ص ۱۴۰ مطبوعہ حیدرآباد دکن)

عروہ سے مروی ہے کہ پیغمبر صاحب کے دفن کے وقت حضرت ابوبکر و عمر موجود نہ تھے بلکہ بمقام سقیفہ بنی ساعدہ، مجمع انصار میں تشریف رکھتے تھے قبل اسکے کہ دونوں صاحب وہاں سے واپس آئیں رسول اللہ دفن ہو چکے تھے۔

یہی معنی ہیں خلیفہ بلافصل کے کہ حضرت پیغمبر محمد مصطفےٰ کی وفات پر حضرت علی مرتضیٰ کے ایک شبانہ روز کے قائمقامی میں کوئی فصل نہیں واقع ہوا اور یہ سلسلہ برابر مثل

عہ دیکھو صفحہ ۱۴۰ کتاب ہذا عسہ علی خلیفتی علیکم فی حیاتی و فی مماتی فمن عصاہ فقد عصانی یعنی علی خلیفہ و نائب ہیں میرے تم سب پر میری حیات و میرے ممات میں پس جو شخص نافرمانی کرے علی کی تحقیق کہ نافرمانی کی اس نے میری۔ دیکھو تکمیل ص ۲۶

مثل حضرت یوشعؑ وصی موسیٰؑ کے تیس سال رہا اور جناب امیر علیہ السلام قائمقام رسولخدا کے رہے جن کے لئے کوئی حاجت اجماع یا شوریٰ یا کسی انتخاب کی نہ تھی وہ جناب انتخاب کردہ خدا و رسول تھے حضرت پیغمبر نے بحکم آیہ تبلیغ و تاکید یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک الآیۃ اور آیۃ الولایۃ انما ولیکم اللہ و رسولہ والذین آمنوا الذین یقیمون الصلوٰۃ و یؤتون الزکوٰۃ وھم راکعون جو دو بار انفراداً اور تیسرے بار ۱۸ ذیحجہ کو سورہ مائدہ کی آیت ہو کر حجۃ الوداع میں مابین مکہ و مدینہ نازل ہوئی اسی ولایت کی تبلیغ پر غدیر خم میں علیؑ کو حضرتؐ نے نصب کر کے ولیعہدگر دانا تھا۔ چنانچہ شیخ جلال الدین سیوطی اپنی تفسیر درمنثور کے صفحہ ۲۵۹ پر یہ دو حدیثیں دو صحابی ابو سعید خدری

عہ والذین امنوا الذین یقیمون الصلوٰۃ و یؤتون الزکوٰۃ وھم راکعون۔ انچاس حرف ہیں۔ عدد ابجد اس کے تین ہزار چھ سو ننانوے (۳۶۹۹) ہوتے ہیں یعنی یہ عبارت ذی اولاد علی المرتضیٰ الھادی کرار غیر فرار = ۳۶۹۹

عہ آیۃ الولایۃ پہلی دفعہ مسجد نبوی میں دیکھو عبارت حاشیہ ہذ

عہ دوسری دفعہ بیت الشرف میں چنانچہ تفسیر درمنثور سیوطی صفحہ ۲۹۳ میں ہے عن ابی رافع قال دخلت علیٰ رسول اللہ صلعم وھو نائم یوحی الیہ فاذا حیۃ فی جانب البیت فکرھت ان اثب علیھا فاوقظ النبی صلعم وخفت ان یکون یوحی الیہ فاضطجعت بین الحیۃ و بین النبی صلی اللہ علیہ و سلم لئن کان منھا سوء کان فی دونہ فمکثت فاستیقظ النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو یقول انما ولیکم اللہ و رسولہ والذین امنوا الذین یقیمون الصلوٰۃ و یؤتون الزکوٰۃ وھم راکعون الحمد للہ الذی اتم لعلی نعمہ وھنیئاً لعلی بفضل اللہ ایاہ۔ ابو رافع کہتے ہیں کہ میں ایک دن رسولخدا کے پاس آیا ایسی حالت میں کہ وہ حضرت سوتے تھے اور وحی انکے اوپر نازل ہوتی تھی یکایک ناگاہ میں نے مکان کے کونے میں دیکھا کہ ایک سانپ ہے پس مجھے اس بات سے کراہت معلوم ہوئی کہ میں اس سانپ کو ماروں اور اسکے سبب نبی جاگ اٹھیں اور اس بات کا بھی مجھ کو خوف تھا کہ شاید آپ کے اوپر وحی نازل ہوتی ہو لہذا میں سانپ کے اور نبی کے درمیان لیٹ رہا اگر وہ کاٹے تو مجھے کاٹے اور آپ تک نہ پہونچ سکے۔ پس تھوڑی دیر بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے اور اس آیت کو پڑھتے تھے انما ولیکم اللہ و رسولہ والذین امنوا الذین یقیمون الصلوٰۃ و یؤتون الزکوٰۃ وھم راکعون اور فرماتے تھے کہ جمیع حمد ثابت ہیں واسطے اللہ کے کہ اوس نے علی کے واسطے اپنی نعمت کو تمام کیا اور گوارا ہو واسطے علی کے بسبب فضل خدا کے یہ اتمام نعمت خاص کر کے اس حدیث کو طبرانی نے اور ابن مردویہ نے اور ابو نعیم نے اخراج کی ہے۔

اور ابوہریرہ کی تین حفاظ حدیث ابن مردویہ اور حافظ ابن عساکر و خطیب بغدادی سے وارد کی ہیں ابن مردویہ ابن عساکر سے بسند ابوسعید خدری مروی ہے ۔

قال لما نصب رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ و سلم علیاً یوم غدیر خم فنادی له بالولایۃ ھبط جبرئیل علیہ بھذہ الآیۃ الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دیناً

جب رسولخدا نے علی علیہ السلام کو نصب کیا غدیرخم میں پس رسول خدا نے علی کی ولایت کی ندا کی تو جبرئیل علیہ السلام آیہ ''الیوم اکملت لکم دینکم'' لیکر نازل ہوئے ۔

اور ابن مردویہ و خطیب و ابن عساکر نے بسند ابوہریرہ روایت کی ہے

قال لما کان یوم غدیر خم ھو یوم ثمانی عشر من ذی الحجۃ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من کنت مولاہ فعلی مولاہ فانزل اللہ الیوم اکملت لکم دینکم ۔

ابوہریرہ سے مروی ہے جب غدیرخم کا دن ہوا وہ اٹھارہویں ذیحجہ تھی فرمایا رسولخدا نے جسکا میں مولا ہوں اسکا علی مولا ہے ۔ پس نازل کیا خدا نے الیوم اکملت لکم دینکم

لفظ نصب کے تائید کی دوسری حدیث تفسیر مجمع البیان طبرسی کے صفحہ ۲۸۱ سے بہ تغیر آیہ الیوم اکملت لکم دینکم لکھی جاتی ہے ۔

قال ابوذر واللہ ما استتم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الکلمۃ حتیٰ نزل علیہ جبرئیل علیہ السلام من عند اللہ فقال یا محمد اقرأ قال وما اقرأ قال اقرأ انما ولیکم اللہ ورسولہ والذین آمنوا الذین یقیمون الصلوۃ ویؤتون الزکوۃ وھم راکعون ۔

وانہ صلعم بعد ذلک باحدی وثمانین لیلۃ والمروی

عن الامامین ابی جعفر وابی عبد اللہ انہ انما انزل بعد

نصب النبیؐ علیا علماً للانام یوم غدیر خم بعد منصرفہ

عن حجۃ الوداع قال ھو اٰخر فریضۃ انزلھا اللہ تعالی ثم لم

ینزل بعدھا فریضۃ۔

تحقیق رسول اللہ گذرے بعد نازل ہونے آیہ الیوم اکملت لکم دینکم کے

اکاسی راتوں پر اور روایت کی گئی ہے دونوں اماموں امام جعفر صادق

اور امام محمد باقر علیہما السلام سے اس بات کی کہ جز ایں نیست کہ نازل

ہوئی آیت الیوم اکملت لکم دینکم بعد اسکے کہ منصوب کیا علی کو سردار خلق

واسطے خلق کے غدیر خم کے روز وقت واپسی حجۃ الوداع کے فرمایا دونوں اماموں

نے کہ یہ آخر فریضہ تھا جو نازل کیا اللہ تعالے نے پھر نہیں نازل ہوا بعد اسکے

کوئی فریضہ۔

اور احتجاج طبرسی (یہ علاوہ صاحب تفسیر مجمع البیان ہیں) میں امام محمد باقرؑ

سے حدیث غدیر میں رسالتمآب کی یہ عبارت ہے:۔

فاعلموا یا معشر الناس ان اللہ قد نصبہ لکم ولیا واماما

مفترضاً طاعتہ علی المہاجرین والانصار وعلی التابعین لہم

باحسان وعلی البادی والحاضر وعلی الاعجمی والعربی الخ (دیکھو صفحہ تکمیل) پس آگاہ ہو

اے گروہ مردم کہ تحقیق اللہ نے نصب ....

اور اگر نہ سنا ہو تو بہرے ہو جائیں اور دیکھا ہے ان حضرت کو ساتھ ان دونوں آنکھوں کے اور اگر نہ دیکھا ہو تو پھوٹ جائیں آپ فرماتے تھے

کہ علی نیکوں کے سردار اور کافروں کے قتل کرنیوالے ہیں۔ جو ان کی مدد کریگا خدا انکی مدد کریگا اور جو انکا ساتھ چھوڑیگا خدا انکا ساتھ چھوڑیگا۔ ایک دفعہ

میں نے رسول اللہ صلعم کے ساتھ ظہر کی نماز پڑھی مسجد میں ایک سائل نے سوال کیا لیکن کسی نے اُسے (کچھ) نہ دیا اسپر سائل نے اپنا ہاتھ آسمان کیطرف

کیا ہے اور اسکو واسطے تمھارے ولی اور امام کہ فرض ہے طاعت انکی اوپر

مہاجرین کے اور انصار کے اور اوپر تابعین کے واسطے انکے ساتھ احسان

کے اور اوپر بادیہ نشین کے اور حاضر کے اور اوپر عجمی کے اور عربی کے اور اوپر

آزاد کے اور غلام کے اور اوپر چھوٹے کے اور بڑے کے اور اوپر گورے اور کالے

کے ؟ اور اوپر ہر موحد کے جاری ہے ۔ اور دیکھو صفحہ ۳۶۱

اللھم انك انزلت علی ان الامامة بعدی لعلی ولیك عند تبیانی

ذٰلك ونصبی ایاہ بما اکملت لعبادك من دینھم واتممت

علیھم بنعمتك ورضیت لھم الاسلام دینا الخ

اے اللہ تحقیق تونے نازل کیا اوپر میرے یہ امر کہ امامت بعد میرے واسطے

علی کے ہے کہ جو تیرا ولی ہے قریب بیان کرنے میرے کے اس بات کو اور

نصب کرنے میرے کے اسکو بسبب اس کے کہ کامل کیا تونے واسطے اپنے بندوں

کے ان کے دین کو اور تمام کیا تونے اپنر اپنی نعمت کو اور راضی ہوا تو اُن سے

از روے دین اسلام کے ۔ تفصیل کے لئے دیکھو تکمیل ۔

ایضاً ۔ لفظ نصب کی چوتھی حدیث مودة القربی سید علی ہمدانی کے مودة خامسہ

کی حدیث پنجم یہ ہے ۔ اور ارجح المطالب صـ۵۶۵ میں بھی ہے

مولوی عبید اللہ بسمل امرتسری ۱۲

وعن عمر بن الخطاب قال نصب رسول اللہ صلعم علیاً علماً

فقال من کنت مولاہ فعلی مولاہ اللھم وال من والاہ وعاد

من عاداه واخذل من خذله وانصر من نصره اللهم انت شهیدی علیهم ثم قال یعنی عمر وکان فی جنبی شاب حسن الوجه طیب الریح فقال لی یا عمر لقد عقد رسول الله لابن عمه عقداً لا یحله الا المنافق فاحذر ان تحله قال عمر فقلت یا رسول الله انک حیث قلت فی علی کان فی جنبی شاب حسن الوجه الطیب الریح وقال کذا کذا قال النبی نعم یا عمر انه لیس من ولد آدم لکنه جبرئیل اراد ان یؤکد علیکم ما قلته فی علی۔ (ترجمہ)

اور عمر بن الخطاب سے مروی ہے کہ رسولخدا نے علی کو بطور نشان ہدایت کے نصب کیا اور ارشاد فرمایا کہ جسکا میں مالک ومختار ہوں پس اسکا علی مالک و مختار ہے، اے خدا جو کوئی اسکو دوست رکھے تو بھی اسکو دوست رکھ اور جو کوئی اس سے دشمنی رکھے تو بھی اس سے دشمنی رکھ اور جو اسکو چھوڑ دے تو بھی اسکو چھوڑ دے اور جو کوئی اسکی نصرت کرے تو بھی اسکی نصرت کر اے خدا تو ان پر گواہ ہے پھر عمر بن الخطاب بیان کرتے ہیں کہ اسوقت میرے پہلو میں ایک نوجوان خوبرو اور پاکیزہ بو موجود تھا اس نے مجھ سے کہا اے عمر البتہ رسولخدا نے اپنے چچازاد بھائی کے لئے ایک گرہ باندھی ہے کہ منافق کے سوا اور کوئی اس گرہ کو نہ کھولیگا۔ اے عمر کہیں تم اس گرہ کو نہ کھولنا۔ عمر فرماتے ہیں کہ میں نے

یعنی وہ رکوع میں رہیں اور حافظ ابن کثیر نے اپنی تفسیر جلد ۲ صفحہ ۳ مطبوعہ مصر ۱۳۰۰ھ میں حدیث اخراج کی ہے قال ابن ابی حاتم حدثنا ابو سعید الاشج حدثنا الفضل بن دکین ابو نعیم الاحول حدثنا موسی بن قیس الحضرمی عن سلمة بن کهیل۔ قال تصدق علی بخاتمه وهو راکع فنزلت انما ولیکم الله ورسوله والذین امنوا الذین یقیمون الصلوة ویؤتون الزکوة وهم راکعون

رسولخدا سے عرض کی کہ جب آپ نے علی کی بابت بیان کیا تو میرے پہلو میں ایک جوان خوبصورت اور پاکیزہ بو تھا اور اسنے ایسا اور ایسا مجھ سے کہا۔ حضرتؐ نے فرمایا اے عمر ہاں۔ وہ اولاد آدم میں سے نہیں تھا بلکہ وہ حضرت جبرئیلؑ تھے اُسنے ارادہ کیا کہ جو کچھ میں نے علی کے باب میں کہا ہو اسکی بابت تم کو تاکید کردے۔"

جب حضرت تبلیغ رسالت سے فارغ ہو چکے اور علی کی ولایت کا اعلان عام فرما چکے تو آپ کو علیحدہ خیمہ میں بٹھلایا اور صحابہ نیز ازواج کو حکماً جناب امیرالمومنین کے خیمہ میں بھیجکر مبارکبادی کے سلسلہ میں بیعت کا طریقہ تہنیت کے طور سے ادا کرایا اسی واقعہ میں بعد العصر آیہ کریمہ الیوم اکملت لکم دینکم نازل ہوا اسی اہمیت کے اخفا کرنے کے لئے نو دن پہلے یوم عرفہ جمعہ ۹ ذیحجہ کی روایت عمر بن الخطاب والی وضع کیگئی ہے اور اسی لئے تین مہینہ کی مدت کی توسیع کیگئی ہے۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے تحفہ میں طلب قرطاس کے مقدمہ میں لکھا ہے:۔

قبل ازیں واقعہ بسہ ماہ (۹۰ دن) آیہ کریمہ الیوم اکملت لکم دینکم نازل شدہ بود وابواب نسخ وتبدیل وزیادہ نقصان دریں باب مطلقاً مسدود ساختہ۔ مہر ختم برآں گذاشتہ وبہمیں آیہ اشارہ کرد عمر دریں عبارت حسبنا کتاب اللہ۔

اور شاہ عبدالقادر برادر عینی شاہ عبدالعزیز موصوف موضح القران میں اسی آیت

کے تفسیری حاشیہ میں لکھتے ہیں۔ فائدہ یہ جو فرمایا کہ آج تمہارا دین تم کو دے چکا یہ آیت آخر کو اتری ہے جب سب احکام اللہ کے نازل ہو چکے تھے اس کے بعد تین مہینہ حضرت زندہ رہے ہیں اور آگے کی آیت اثنی عشر نقیبا کی تفسیر میں سورہ مائدہ کا آخر عمر میں نازل ہونا قبول کر چکے ہیں دیکھو کتاب تکمیل آخر صفحہ ۲۵۵ چنانچہ شیخ جلال الدین سیوطی اتقان فی علوم القرآن صفحہ ۲۰ مطبوعہ مصر ۱۳۰۶ھ میں رقمطراز ہیں:-

اخرج ابو عبید عن محمد بن کعب قال نزلت سورۃ المائدۃ فی حجۃ الوداع فیما بین مکۃ والمدینۃ (منہا) الیوم اکملت لکم دینکم فی الصحیح عن عمر انہا نزلت عشیۃ عرفۃ یوم الجمعۃ عام حجۃ الوداع لہ طرق کثیرۃ لکن اخرج ابن مردویہ عن ابی سعید الخدری انہا نزلت یوم غدیر خم واخرج مثلہ حدیث ابی ہریرۃ وفیہ الیوم الثامن عشر من ذی الحجۃ مرجعہ من حجۃ الوداع وکلاہما لا یصح۔

(حاصل ترجمہ) ابو عبید نے محمد بن کعب سے روایت کی ہے کہ سورہ مائدہ حجۃ الوداع میں درمیان مکہ و مدینہ (یوم غدیر خم) کے نازل ہوا اسی میں آیہ الیوم اکملت لکم دینکم ہے۔ جو صحیح بخاری میں عمر بن خطاب سے مروی ہے کہ اسکا نزول عشیہ عرفہ جمعہ کے دن سال حجۃ الوداع میں ہوا جو بہت طریقوں سے مروی ہے لیکن حافظ ابن مردویہ نے

ہ اخرج ابن جریر عن الربیع بن انس قال لما نزلت سورۃ المائدۃ فی المسیر فی حجۃ الوداع وہو راکب راحلتہ الحدیث دیکھو صفحہ ۲۸۹ تکمیل

ابوسعید خدری سے روایت کی ہے کہ آیہ الیوم اکملت لکم دینکم یوم غدیرخم میں نازل ہوا اور یہی مضمون ابوہریرہ سے بھی مروی ہے، اسمیں یہ زیادتی ہے کہ وہ اٹھارہویں ذیحجہ تھی، زمانہ مراجعت میں حجۃ الوداع کے اور یہ دونوں صحیح نہیں ہیں۔

انھیں دونوں کے صحیح ہونے اور یوم عرفہ جمعہ کی روایت کے غلط ہونے کے وجوہات حسب ذیل ہیں :۔

(۱) شیخ جلال الدین سیوطی باوجود سورہ مائدہ کے حجۃ الوداع میں درمیان مکہ و مدینہ (یوم غدیرخم) کے نازل ہونے کے اور اسی سورہ کے ختم کی آیت الیوم اکملت لکم دینکم کو ابوسعید خدری اور ابوہریرہ سے ۱۸ ذی الحجہ یوم غدیر میں اخراج کرنے کے عمر بن الخطاب کی عرفہ جمعہ کی روایت جو خلافت ثانیہ میں وضع ہوئی ہے صحیح کہتے ہیں، جبکو ابن مردویہ سا حافظ کبیر جو کتاب المستخرج علی البخاری کے مصنف ہیں عرفہ جمعہ کی روایت کو نظر انداز کرکے یوم غدیر کی روایت اخراج کی ہے، اسی روایت کے آخر میں علامہ قطنزی نے یوم غدیر پنجشنبہ کے ساتھ لکھا ہو

لھذا حدیث لہ طرق کثیرۃ الی ابوسعید الخدری دیکھو ص ۸۹

(۲) یہ کہ سیوطی اسی سورہ مائدہ کی آخری آیت آیہ تبلیغ یاایھا الرسول بلغ ما انزل الیک الخ کو اپنی تفسیر درمنثور میں انھیں حافظ ابن مردویہ سے مع حافظ ابن عساکر اور حافظ و ناقد ابن ابی حاتم کے بسند ابوسعید خدری یوم غدیرخم میں علی علیہ السلام کی شان میں قبول کرچکے ہیں جس سے بھی کامل سورہ مائدہ ۱۸ ذی الحجہ یوم غدیر بابین

مابین مکہ و مدینہ نازل ہونا خود سیوطی کی تصدیق سے عیاں ہے۔ علامہ عینی حنفی بھی اپنے عمدۃ القاری شرح بخاری میں اور قاضی شوکانی اور بھوپالی مولوی سید صدیق حسن خان بھی تائید کرتے ہیں۔ دیکھو حاشیہ ص۴۷ و صفحات ۷۷ تا ۸۱

(۳) نیز یہی سیوطی ابن مردویہ کی مخرجہ دوسری روایت ابن مسعود کے سند کی آیۂ تبلیغ یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک ان علیاً مولی المومنین وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ واللہ یعصمک من الناس تک اخراج کرکے کامل سورہ مائدہ کا نزول ثابت کرتے ہیں جو محمد ابن کعب کی روایت کے مؤید ہے۔ دیکھو ص۸۱

(۴) یہ کہ کل سورہ مائدہ قرآن مجید میں مدنیہ ہے اور بقول قرطبی بالاجماع مدنیہ ہے جس کا کوئی جز مکیہ نہیں ہے۔ حدیث کے لئے دیکھو ص۲۸۸ تکمیل مولف

(۵) یہ کہ سیوطی بعد نزول آیہ اکمال کے ۸۱ یوم رسول خدا کے زندہ رہنے کے راوی ہیں نیز وفات النبی کی روایت بارہ ربیع الاول کی تصدیق کرتے ہیں اور عرفہ ۹ ذی الحجہ سے بارہ ربیع الاول تک ۹۱ دن (۱۳ ہفتہ) ہوتے ہیں پس عرفہ جمعہ کی روایت باطل ہے۔

(۶) یہ کہ جمعہ کا اکانواں دن سہ شنبہ ہوتا ہے۔ نیز صحیحین کی روایت میں یوم جمعہ مشکوک ہے قال سفیان اشک کان یوم الجمعۃ ام لا (صحیحین) اور صحیح مسلم کی روایت میں لیلۃ جمع ہے اس لئے یہ روایت باطل۔

(۷) اور یہ کہ عرفہ ۹ ذی الحجہ جمعہ سے ۱۲ ربیع الاول تک اکانوے[۹۱] دنوں پر جمعہ اور گیارہ[۱۱] ربیع الاول کو نوّے[۹۰] دنوں پر پنجشنبہ ہوتا ہے پس روایت عرفہ روز جمعہ بالکل غلط و باطل و دروغ۔

(۸) اور صحیحین کی روایت یوم عرفہ جمعہ کے مراجعت سے ۲۵ ذیقعدہ تاریخ سفر حجۃ الوداع میں یوم جمعہ ہی آتا ہے جو انس کی روایت سے جمعہ نہ تھا۔ نیز یہی جمعہ ۱۲ ربیع الاول کو اکانوے[۹۱] دنوں پر پہونچتا ہے جو عائشہ اور ابن عمر کی روایت سے دوشنبہ ہونا چاہئے۔ پس عرفہ جمعہ کی روایت قطعاً دروغ و کذب۔

(۹) یہ کہ ابوسعید خدری کی روایت ۱۸ ذی الحجہ پنجشنبہ یوم غدیر خم سے اکاسویں[۸۱] دن گیارہویں ربیع الاول کو دوشنبہ ہوتا ہے اور مراجعت میں ۹ ذی الحجہ عرفہ کو شنبہ۔ پس عرفہ جمعہ کی روایت صریح باطل و کذب۔

(۱۰) یہ کہ ۹ ذی الحجہ جمعہ سے ۱۰ ذی الحجہ شنبہ، ۱۲ ذی الحجہ دوشنبہ، یکم ذی الحجہ پنجشنبہ، اور ۱۲ ربیع الاول دوشنبہ سے ۱۰ ربیع الاول شنبہ، ۹ ربیع الاول جمعہ یکم ربیع الاول پنجشنبہ، ۲۹ صفر پنجشنبہ سے یکم صفر پنجشنبہ، ۹ صفر جمعہ، ۱۰ صفر شنبہ ۱۲ صفر دوشنبہ، کل ارباب سیر و محدثین اور خود شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی ۲۸ صفر چہارشنبہ سے لاچکے ہیں جس سے ذی الحجہ، صفر، ربیع الاول تینوں مہینے ایک ہی تاریخ و دن کے ہیں۔ یہ ہے وضعی روایت بخاری وغیرہ اور اسلامی سیر و تاریخ کا ماخذ*

پس ۱۸ ذی الحجہ یوم پنجشنبہ بروز غدیر خم کے نزول کی روایت آیہ الیوم اکملت لکم[۴۴]

دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا۔ ابو سعید خدری اور ابو ہریرہ کی سند کی ابن مردویہ وخطیب بغدادی وابن عساکر کی مخرجہ ومصدقہ جناب امیر المومنین امام المتقین علی ابن ابیطالبؑ کی ولایت وامامت وخلافت کے اعلان کے موقع کی صحیح ہوگئی اور آیہ اکمال کا جزو اول الیوم یئس الذین کفروا من دینکم فلا تخشوھم واخشون۔ سورۂ مائدہ کے شمول میں رہ کر کل سورہ کا حجۃ الوداع میں درمیان مکہ ومدینہ یوم غدیر خم میں نازل ہونے کا موید ومصدق ہوگیا انھیں لوگوں کے حق میں ہے والذین کفروا وکذبوا بآیتنا اولئک اصحاب الجحیم یعنی کفر کرینگے اور ولایت کو جھٹلائیں گے اور حق علی مرتضیٰ کو نہ مانیں گے وہ اصحاب جحیم ہیں، یعنی جو کفر کریں گے اور ہماری آیتوں آیۃ الولایت وآیہ تبلیغ وآیہ تکمیل وغیرہ کو جھٹلائیں گے وہ اصحاب الجحیم ہیں۔

الحمد للہ کہ یہ دلائل ساطعہ و براہین قاطعہ و باصول زبر و بنیات اجسپر قرآن منحصر ہے یہ ثابت ہوگیا کہ آیت تکمیل دین ۹ ذیحجہ کو بروز عرفہ ہرگز نازل نہیں ہوئی بلکہ حتماً جزماً یہ آیت بتاریخ ۱۸ ذی الحجہ بروز پنجشنبہ بعد العصر نازل ہوئی۔

اگر شبلی نعمانی زندہ ہوتے

تو

میں التکمیل ورسالہ ہذا (الکمال) اُنکے سامنے پیش کرکے

عرض کرتا

کہ اب آپ ہی خدا کو حاضر و ناظر جانکر فرمائیں کہ صداقت جناب کے ساتھ ہے یا میرے ساتھ

لہٰذا

یہ دونوں کتابیں ارباب نظر کیخدمت میں پیش کرکے انصاف و حق پسندی کے ساتھ فیصلہ کا متمنّی ہوں

(حکیم سید مرتضیٰ حسین، ڈاکخانہ و قصبہ ایرایاں سادات
ضلع فتح پور قسمت الہ آباد (یو۔پی)

تتمہ ضمیمہ کتاب ہذا

گذشتہ صفحات میں علم زبر و بینات دونوں سے بحث کرکے یہ ثابت کیا جاچکا ہے کہ اٹھارہویں ذیحجہ غدیرخم میں پنجشنبہ کا دن واقع ہوا تھا، جو خود آیہ اکملت لکم دینکم کے اندر موجود ہے۔ پھر غور کرکے دیکھ لو۔

اب پھر اسی زبر و بینات سے مزید روشنی ڈالی جاتی ہے۔ علم زبر و بینات کا ماخذ فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون بالبینات والزبر ہے بالبینات والزبر متعلق ہوگا اہل ذکر سے یا لاتعلمون (سورہ نحل) سے، پس ترجمہ یہ ہوگا۔

(۱) اہل ذکر سے پوچھو اگر تم نہیں جانتے ہو یہ قرآن بینات و زبر سے

(۲) اگر تم نہیں جانتے ہو تو اہل ذکر سے پوچھو جو قرآن کو زبر و بینات سے جانتے ہیں وہ تمھیں مطالب قرآن زبر و بینات سے بتلائیں گے۔

یہ آیت کاشف ہے کہ علم قرآن منحصر ہے دو چیزوں پر

(۱) زبر و بینات (ب) اہل ذکر

(۱) زبر و بینات ذکر فی الجملہ کتاب ہذا کے صفحہ ۸ میں ہے

(ب) اہل ذکر اس سے مراد صرف آل محمد ہیں کیونکہ سورۂ طلاق میں مذکور ہے کہ ذکر نام ہے رسالتماب کا۔ قد انزل اللہ الیکم ذکرا رسولا باتفاق مفسرین

اس ذکر سے مراد رسالتمآب ہیں۔

بہرطور رسالتمآب کا نام ذکر ہے۔ اب فاسئلوا اہل الذکر میں سے ذکر ہٹا کر محمد رکھدو تو اسی لفظ محمد کے عوض لفظ ذکر آیا ہے، یعنی جسکا نام محمد ہے اسی کا نام ذکر ہے، جسکا نام ذکر ہے اسی کا نام محمد ہے، پس جب ذکر نام محمد ہے تو اہل ذکر آل محمد ہیں لہذا اہل ذکر کی تفسیر از روی تفسیر قرآن بالقرآن آل محمد ہیں باعانت آیت ذکرا رسولا اور اسکی مؤید ینابیع المودۃ کی یہ حدیث ہے کہ فاسئلوا اہل الذکر سے مراد اہلبیت نبوی ہیں [۲] اسی کی مؤید وہ تمام حدیثیں ہیں کہ اہل بیت نبوی نے ہمیشہ دعوی کیا کہ ہم اہلبیت نبوی اہل الذکر ہیں دیکھو ص ۱۵ یہ دعوئ اہلبیت کا اتنا مدلل ناقابل انکار دعوئ ہے کہ اسوقت تک مسلمانوں کے کسی فرقہ نے اس دعوی پر چون وچرا نہیں کیا۔

غرض قرآن، حدیث اور اہلبیت یہ تینوں ثبوت دے رہے ہیں کہ اہل ذکر سے مراد آل نبی ہیں لہذا قرآن کو آل نبی سے سمجھنا چاہیئے اور آل نبی علیؑ وفاطمہؑ وحسنؑ وحسینؑ اور انکی معصوم اولاد ہے بلا اختلاف

اور پنجتن پاک کے محمد وآل محمد ہونے کی مزید دلیلیں ہیں دیکھو کتاب التکمیل ص ۱۶۹

---

۵ کتاب ینابیع المودۃ کے باب بجم کی تیرہویں حدیث میں بمقام مرو مامون الرشید نے امام رضا علیہ السلام سے چند آیات کی تفسیر میں سوال کیا تھا چنانچہ نویں آیت فاسئلوا اہل الذکر ان کنتم لاتعلمون ہے امام موصوف نے ارشاد فرمایا کہ قول باری تعالٰے فاسئلوا اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون اگر تم خود نہیں جانتے تو اہل ذکر سے دریافت کرلو اور وہ اہل ذکر ہم ہیں یعنی اہلبیت کیونکہ خدایتعالٰے نے ذکر سے مراد اپنے پیغمبر کو لیا ہے اور ہم اُن کے اہل ہیں سورہ طلاق رکوع ۲ میں ہے فاتقوا الله یا اولی الالباب الذین امنوا قد انزل الله الیکم ذکرا رسولا اے عقلمند مومنین خدا سے ڈرو تحقیق خدائے تعالٰے نے تمھاری طرف ذکر یعنی رسول کو بھیجا ہے۔ الخ

پس علم قرآن منحصر ہے زُبر و بیّنات پر اور زُبر و بیّنات صرف اہل ذکر یعنی آل محمد ہی جانتے ہیں۔ حسن اتفاق یہ ہے کہ واقعہ بھی یوں ہی ہے کہ باتفاق فریقین سب سے پہلے زبر و بیّنات کا راز جس نے منکشف کیا وہ جناب علی علیہ السلام تھے قصہ یوں ہے

۱۔ تین تازہ مسلمان کسی دور دراز پہاڑی علاقہ سے حاضر خدمت رسول ہوئے اور فیما بین یوں گفتگو ہوئی۔

سائل۔ روزے واجب کئے گئے ہیں لیکن ہم کو ٹھیک پتہ نہیں لگتا کہ کب سے کب تک روزے رکھیں؟

رسول۔ صوموا الرویۃ الھلال وافطروا الرویتہٖ (چاند دیکھکر روزہ شروع کرو اور چاند دیکھکر ختم کرو یعنی جبتک چاند نہ دیکھو روزہ نہ رکھو اور جبتک چاند نہ دیکھو ختم نہ کرو)

سائل۔ ہماری قیامگاہیں اونچے اونچے پہاڑوں سے گھری ہوئی ہیں اور کئی روز تک چاند نہیں دکھائی دیتا۔

رسول۔ اذا غم علیکم فاقدرو الہ (جبتم کو شبہہ پڑ جائے کہ چاند ہوا یا نہیں تو منازل قمر سے انکا اندازہ کرلو)

سائل۔ ہم منازل قمر اور اسکے علم سے بے بہرہ ہیں۔

رسول۔ انھیں امیر المومنین کے پاس لیجاؤ۔ وہ انھیں سمجھا دیں گے۔

جناب امیر علیہ السلام نے کل گفتگو سُننے کے بعد فرمایا کہ حضرت کا جواب اِن آیتوں سے ہے

(۱) والقمر قدرنہ منازل حتی عاد کالعرجون القدیم (ہم نے چاند کیلئے

منزلیں مقرر کی ہیں یہانتک کہ ہر پھر کے (آخر ماہ میں) کھجور کی پرانی ٹہنی کا سا پتلا ٹیڑھا) ہو جاتا ہے۔

(۲) ھو الذی جعل الشمس ضیاء والقمر نوراً (وہی (خدا) ہے جس نے آفتاب کو

چمکتا ہوا اور چاند کو روشن بنایا)

(۳) وقدرہ منازل لتعلموا عدد السنین والحساب ما خلق اللہ

ذلک الا بالحق سورہ یونس پ۱۱ (اور اس (چاند) کی منزلیں مقرر کیں تاکہ تم برسوں کا شمار اور حساب

معلوم کرلو، یہ سب کچھ خدا نے مصلحت ہی سے پیدا کیا ہے)

سائل۔ ہم علم ہیئت بالکل نہیں جانتے تو ہم منازل قمر کا حساب لگائیں

تو کیونکر لگائیں۔؟

امیر علیہ السلام۔ ہم ایسی سہل ترکیب بتاتے ہیں کہ علم ہیئت بغیر غرہ معلوم کر سکو

تم کتنے آدمی ہو؟

سائل۔ تین۔

امیر علیہ السلام۔ تمھارے عیال کتنے ہیں؟

سائل۔ تین ہی ہیں۔

امیر علیہ السلام۔ تم تینوں اور تمھارے عیال کا کیا نام ہے؟

سائل۔ پہلا شخص۔ میرا نام ابجزد (اہ ج زد) اور میرے عیال کا نام بُود (ب و د) ہے

دوسرا شخص میرا نام زبج (ز ب ج) اور میرے عیال کا نام ہو (ہ و) ہے

تیسرا شخص۔ میرا نام ابدہ (اب دہ) اور میرے عیال کا نام زاج (زاج) ہے

اب جناب امیر علیہ السلام نے فرمایا۔ دیکھو تمہارے چھ نام ہیں ان کے حروف کا مجموعہ ۲۰ ہے۔

پھر سائل یعنی پہلے شخص سے (جسکا نام ابجز و تھا) فرمایا کہ دیکھو تمہارے اور تمہارے عیال کے نام میں آٹھ حرف ہیں (اہ ج ز د ب و د) ان حرفوں کا تعلق سنہ ھجری کے ساتھ سمجھو باقی رہے تمہارے دو رفیق اور ان کے عیال۔ انکے ناموں میں بارہ حرف ہیں (ز ب ج ہ و ا ب دہ ز ا ج) ان حرفوں کو سال کے بارہ مہینوں کے متعلق سمجھو۔

اس کے بعد آپ نے حساب کا طریقہ سمجھایا اور یہ فرمایا کہ سنہ ہجری کے کسی مہینہ کی بابت دریافت کرنا ہو کہ اسکا غرہ کس دن واقع ہوگا؟ تو اس سنہ کو ۸ سے تقسیم کرو عمل تقسیم کے بعد جو عدد باقی رہے اسکو سنہ حروف کیساتھ تطبیق دو یعنی ابجز دوُد (اہ ج ز د ب و د) کے حروف علی الترتیب مطابق کرو اس طرح کہ اگر ایک باقی رہے تو ا (یعنی ایک) اگر دو باقی رہیں تو ہ (یعنی ۵) تین باقی رہیں تو ج (یعنی ۳) سمجھو۔ اسی طرح ہر ایک باقی کے موافق حرف کی ابجدی قیمت لیلو۔ اگر کچھ باقی نہ بچے تو مقسوم علیہ کے عدد یعنی ۸ کو باقی سمجھو (آسانی کے لئے نقشہ نمبر ا آخر میں ملاحظہ ہو) اب رہے باقیماندہ ناموں کے بارہ حروف یعنی "ز ب ج ہو ا بہ ز اج"

۱ ز	۲ ب	۳ ج	۴ ہ	۵ و	۶ ا	۷ ب	۸ د	۹ ہ	۱۰ ز	۱۱ ا	۱۲ ج
محرم	صفر	ربیع ۱	ربیع ۲	جمادی ۱	جمادی ۲	رجب	شعبان	رمضان	شوال	ذیقعدہ	ذی الحجہ

ان حرفوں کو بارہ مہینوں کے قائمقام سمجھو مثلاً محرم کا قائمقام "ز" کو صفر کا قائمقام "ب" کو

جیسا اوپر ترتیب وار لکھے ہیں (آسانی کے لئے نقشہ نمبر ۲ آخر میں ملاحظہ ہو)

جس مہینہ کا غرہ دریافت کرنا ہو اسی مہینہ کے مطابق حرف کو تلاش کر کے اسکی ابجدی قیمت لیلو اور سال کے حرف کی ابجدی قیمت کیساتھ اسکو جمع کرو۔ قمری سال میں دنوں کی پوری تعداد نہیں ہوتی بلکہ اسپر دن کی کچھ کسر زائد ہوتی ہے اس کسر کو پورا کرنے کے لئے ماہ و سال کے مجموعۂ اعداد پر ایک کا عدد اور بڑھاؤ اور ان تینوں عددوں کے مجموعہ کو ایام ہفتہ کی تعداد (یعنی سات) پر تقسیم کرو۔ اگر ایک باقی رہے تو غرہ یکشنبہ اگر ۲ باقی رہے تو دوشنبہ تین باقی رہے تو سہ شنبہ ۴ باقی رہے تو چہارشنبہ ۵ باقی رہے تو پنجشنبہ ۶ باقی رہے تو جمعہ۔ اگر کچھ باقی نہ رہے تو غرہ شنبہ یعنی (سنیچر) کے دن واقع ہوگا۔ توضیح کی غرض سے دو مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔

مثال اول۔ غرہ ذیقعدہ سنہ ۱ھ کو کونسا دن تھا۔ اسے حل کرنیکی صورت حسب ذیل ہوگی:-

۱۰ کو ۸ سے تقسیم کیا ۲ باقی رہا۔ سال کے حرفوں میں دوسرا حرف ہ ہے جسکی ابجدی قیمت ۵ ہے اور ذیقعدہ گیارہواں مہینہ ہے اسکا قائمقام حرف الف جسکی ابجدی قیمت ایک ہے پس ۵ اور ۱ کو جمع کیا تو ۶ ہوئے اسمیں عدد ایک کا اضافہ کیا تو سات ہوئے اس پر ہفتہ کے عدد سات کو تقسیم کیا تو باقی کچھ نہ رہا پس ہفتہ یعنی غرہ شنبہ کو تھا۔

مثال دوم - غرہ ذیحجہ سنہ ۱۰ھ کون سا دن تھا جسکے سال کا حرف ہ اور اسکی ابجدی قیمت ۵ ہے اور ذیحجہ بارہواں مہینہ ہے اسکا قائمقام حرف جیم جسکی ابجدی قیمت ۳ ہے - پس پانچ اور تین کو جمع کیا تو آٹھ ہوئے اسپر عدد ایک کا اضافہ کیا ۹ ہوئے ۹ کو سات سے تقسیم کیا تو دو باقی رہتا ہے، لہذا غرہ ذیحجہ سنہ ۱۰ھ کو دوشنبہ کا دن تھا، سنہ ۱۰ھ کے غرہ ذیقعدہ اور غرہ ذی الحجہ کے یہ امر بھی طے ہوگیا کہ ذیقعدہ کامل تیس دن کا اور ذیحجہ ۲۹ دن کا - جسکی تصریح آگے نقشہ محرم سنہ ۱۱ھ کے غرہ سے ہوگی (ذیقعدہ کامل کی حدیث بھی مؤید ہے دیکھو تکمیل ص ۹۶، ۱۰۰، ۱۱۹، ۱۲۱، ۱۲۷) جبکہ غرہ ذیقعدہ شنبہ کا دن ہے تو ۲۹ ذیقعدہ بھی شنبہ ہوا اور غرہ ذی الحجہ دوشنبہ ہے تیس ذیقعدہ یکشنبہ یعنی کامل ذیقعدہ تیس دن کا ہوگیا اور یکم ذیحجہ دوشنبہ سے آٹھ و پندرہ ذیحجہ دوشنبہ ۱۶ ذی الحجہ سہ شنبہ ۱۷ ذی الحجہ چہارشنبہ ۱۸ ذی الحجہ **پنجشنبہ** ابوسعید خدری کے روایت کا صحیح مطابق ہوگیا۔

(نوٹ) آخری حساب میں ناظرین کو معلوم ہوا ہوگا کہ جناب امیرؑ نے عدد سنین و شہور کے جمع کرنے کے بعد ایک عدد زیادہ کرنے کے واسطے فرمایا ہے لیکن حدیث کے اصلی الفاظ "ان کان ناقصاً" کی قید ہے - یعنی یہ زیادتی اسوقت ہوگی جبکہ ناقص ہو اس لئے بعضے سنہ ایسے ہونگے جنمیں یہ زیادتی نہوگی چنانچہ اس امر کے تجربہ کے لئے محرم سنہ ۱ھ سے ماہ رمضان سنہ ۱۱ھ تک کی تقریباً گیارہ سال کی جنتری بنانا پڑی - جو بارہ بارہ مہینہ کی ہے، البتہ گیارھواں سنہ ہجری

کا غرۂ ماہ رمضان تک ہے جسمیں تیسری ماہِ رمضان سہ شنبہ تاریخ وفات جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا پر محدثین و مورخین کا اتفاق ہے اس ۱۱ھ میں عدد ایک اضافہ نہیں ہوا الیوہی ۲۰ صفر شب دوشنبہ ہجرت میں داخلۂ غار اور یکم ربیع الاول پنجشنبہ کی شب میں روانگی مدینہ منورہ بارہویں ۱۲ ربیع الاول دوشنبہ کو داخلہ مدینہ ہے (دیکھو تکمیل صہ ۹۲ و ۹۳)

نقشہ نمبر ۱ و ۲ جو حروف سائل کے ناموں کے ہیں ان کے مکررات علیحدہ کرنے پر ابجد ہوز سات حرف باقی رہتے ہیں۔ جنکے اعداد بھی سات تک ہیں۔ جن کے حروف و رانکے اعداد جناب امیر نے غرۂ ماہ کے دن کا نکالنا ہمیشہ کے لئے بتایا ہے...... یہی وہ علوم وحقائق ہیں جن کی بنا پر آن حضرت صلعم جناب امیر علیہ السلام کے بارے میں ہمیشہ فرمایا کرتے تھے کہ انا دار الحکمۃ و علی بابھا (صحیح ترمذی) اور اسی لئے خطبۂ غدیر خم میں حضرت صلعم نے امیر المومنین کو حکیم کا خطاب دیا (دیکھو تکمیل صہ ۳۶) اور خدا نے لدینا لعلی حکیم فرمایا یعنی ہمارے نزدیک ضرور علی حکیم ہے، ملاحظہ ہو فواتح میبذی) جو شرح دیوان جناب امیر علیہ السلام میں ہے فاتحہ سابعہ کے عنوان میں لکھا ہے در فضائل و احوال مرتضیٰ علی کرم اللہ وجہہ بر دفق حدیث و قرآن قدیم وانہ فی ام الکتاب لدینا لعلی حکیم (فواتح حسین بن معین الدین الیزدی المیبذی المتوفی ۸۷۰ھ ـ

واضح ہو کہ اسماء تہجی میں ۲۸ حرف ہیں جن کے عدد کو زُبر کہتے ہیں وہ حرف مع عدد یہ ہیں

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

نقشہ نمبر ۲ حروف متعلقہ ماہ ہائے قمری				نقشہ نمبر ۱ حروف متعلقہ سنہ ہجری		
حرف ابجد کی قیمت	حرف مطابق ماہ	نام ماہ	نمبر شمار	حروف ابجدی کی قیمت	حروف جنکے ساتھ وہ عدد مطابق ہیں	باقیماندہ عدد
۷	ز	محرم	۱	۱	ا	۱
۲	ب	صفر	۲	۵	ه	۲
۳	ج	ربیع الاول	۳	۳	ج	۳
۵	ه	ربیع الثانی	۴	۷	ز	۴
۶	و	جمادی الاول	۵	۴	د	۵
۱	ا	جمادی الثانی	۶	۲	ب	۶
۲	ب	رجب	۷	۶	و	۷
۴	د	شعبان	۸	۴	د	۸
۵	ه	ماہ رمضان	۹			
۷	ز	شوال	۱۰			
۱	ا	ذیقعدہ	۱۱			
۳	ج	ذی الحجہ	۱۲			

جبکہ سنہ ۱ھ تک ۸ سے تقسیم نہ ہوگا لہذا سنہ ۱ھ کا حرف ا جس کی ابجدی قیمت ۱ ہے اور محرم کا قائمقام حرف ز جس کی ابجدی قیمت ۷ ہے ایک اور ۷ کو جمع کیا ۸ ہوئے۔ اسمیں عدد ایک کا اضافہ کیا ۹ ہوئے، ۷ سے تقسیم کیا ۲ رہے یعنی غرۂ محرم سنہ ۱ ہجری کو دوشنبہ کا دن تھا۔

غرۂ محرم سنہ ۱ھ	غرۂ صفر سنہ ۱ھ	غرۂ ربیع الاول سنہ ۱ھ	غرۂ ربیع الثانی سنہ ۱ھ	غرۂ جمادی الاول سنہ ۱ھ	غرۂ جمادی الثانی سنہ ۱ھ	غرۂ رجب سنہ ۱ھ	غرۂ شعبان سنہ ۱ھ	غرۂ ماہ رمضان سنہ ۱ھ	غرۂ شوال سنہ ۱ھ	غرۂ ذیقعدہ سنہ ۱ھ	غرۂ ذی الحجہ سنہ ۱ھ
دوشنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	شنبہ	یکشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	جمعہ	شنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	پنجشنبہ

غره محرم سنه ۲ه	جمعه	غره محرم سنه ۳ه	چهارشنبه	غره محرم سنه ۴ه	یکشنبه	غره محرم سنه ۵ه	پنجشنبه	غره محرم سنه ۶ه	سه‌شنبه	غره محرم سنه ۷ه	شنبه	غره محرم سنه ۸ه	پنجشنبه	غره محرم سنه ۹ه	دوشنبه	غره محرم سنه ۱۰ه	جمعه	غره محرم سنه ۱۱ه	سه‌شنبه
غره صفر	یکشنبه	غره صفر	جمعه	غره صفر	سه‌شنبه	غره صفر	شنبه	غره صفر	پنجشنبه	غره صفر	دوشنبه	غره صفر	جمعه	غره صفر	چهارشنبه	غره صفر	یکشنبه	غره صفر	پنجشنبه
غره ربیع الاول	دوشنبه	غره ربیع الاول	شنبه	غره ربیع الاول	چهارشنبه	غره ربیع الاول	یکشنبه	غره ربیع الاول	جمعه	غره ربیع الاول	سه‌شنبه	غره ربیع الاول	یکشنبه	غره ربیع الاول	پنجشنبه	غره ربیع الاول	دوشنبه	غره ربیع الاول	جمعه
غره ربیع الثانی	چهارشنبه	غره ربیع الثانی	دوشنبه	غره ربیع الثانی	جمعه	غره ربیع الثانی	سه‌شنبه	غره ربیع الثانی	یکشنبه	غره ربیع الثانی	پنجشنبه	غره ربیع الثانی	سه‌شنبه	غره ربیع الثانی	شنبه	غره ربیع الثانی	چهارشنبه	غره ربیع الثانی	یکشنبه
غره جمادی الاول	پنجشنبه	غره جمادی الاول	سه‌شنبه	غره جمادی الاول	شنبه	غره جمادی الاول	چهارشنبه	غره جمادی الاول	دوشنبه	غره جمادی الاول	جمعه	غره جمادی الاول	چهارشنبه	غره جمادی الاول	یکشنبه	غره جمادی الاول	پنجشنبه	غره جمادی الاول	دوشنبه
غره جمادی الاخر	شنبه	غره جمادی الثانی	پنجشنبه	غره جمادی الثانی	دوشنبه	غره جمادی الثانی	جمعه	غره جمادی الثانی	چهارشنبه	غره جمادی الثانی	شنبه	غره جمادی الثانی	جمعه	غره جمادی الثانی	سه‌شنبه	غره جمادی الثانی	شنبه	غره جمادی الثانی	چهارشنبه
غره رجب	یکشنبه	غره رجب	جمعه	غره رجب	سه‌شنبه	غره رجب	شنبه	غره رجب	پنجشنبه	غره رجب	دوشنبه	غره رجب	شنبه	غره رجب	چهارشنبه	غره رجب	یکشنبه	غره رجب	پنجشنبه
غره شعبان	سه‌شنبه	غره شعبان	یکشنبه	غره شعبان	پنجشنبه	غره شعبان	دوشنبه	غره شعبان	شنبه	غره شعبان	سه‌شنبه	غره شعبان	دوشنبه	غره شعبان	جمعه	غره شعبان	سه‌شنبه	غره شعبان	شنبه
غره ماه رمضان	چهارشنبه	غره ماه رمضان	دوشنبه	غره ماه رمضان	جمعه	غره ماه رمضان	سه‌شنبه	غره ماه رمضان	یکشنبه	غره ماه رمضان	پنجشنبه	غره ماه رمضان	سه‌شنبه	غره ماه رمضان	شنبه	غره ماه رمضان	چهارشنبه	غره ماه رمضان	یکشنبه
غره شوال	جمعه	غره شوال	چهارشنبه	غره شوال	شنبه	غره شوال	پنجشنبه	غره شوال	سه‌شنبه	غره شوال	شنبه	غره شوال	پنجشنبه	غره شوال	دوشنبه	غره شوال	جمعه	غره شوال	.
غره ذیقعده	شنبه	غره ذیقعده	پنجشنبه	غره ذیقعده	دوشنبه	غره ذیقعده	جمعه	غره ذیقعده	چهارشنبه	غره ذیقعده	یکشنبه	غره ذیقعده	جمعه	غره ذیقعده	سه‌شنبه	غره ذیقعده	شنبه	غره ذیقعده	.
غره ذی الحجه	دوشنبه	غره ذی الحجه	شنبه	غره ذی الحجه	چهارشنبه	غره ذی الحجه	یکشنبه	غره ذی الحجه	جمعه	غره ذی الحجه	سه‌شنبه	غره ذی الحجه	یکشنبه	غره ذی الحجه	پنجشنبه	غره ذی الحجه	دوشنبه	غره ذی الحجه	.
																			.

نقشہ غرہ مذکورہ دس سال نو ماہ کا ۱ھ سے ماہ رمضان ۱۱ھ تک کا ہے جو قاعدہ کے مطابق دس سال تک عدد ایک کی زیادتی کے ساتھ بنایا گیا ہے، البتہ گیارہویں سال عدد ایک کا اضافہ نہیں ہوا اسی نقشہ غرہ کے مطابق وہ تمام مہینے جو تاریخی حیثیت رکھتے ہیں اور روایت کی رو سے صحیح مطابق ہیں۔ دیکھو غرہ صفر ۱ھ یوم چہار شنبہ ہے اور حضرت (صلعم) نے شب ۲۷ صفر دوشنبہ میں مکہ معظمہ سے ہجرت کرکے داخل غار ہوئے اور تین شب رہ کر یکم ربیع الاول پنجشنبہ کو مدینہ کیجانب روانگی ہوئی۔ بارہویں دن بارہ ربیع الاول دوشنبہ کی صبح کو داخل مدینہ ہوئے (دیکھو ص ۹۲ و ص ۹۳ تکمیل) ایسے ہی حضرت (صلعم) کا سفر حجۃ الوداع ہے "اور مکہ سے مدینہ تک گیارہ منزلیں ہیں" اور مدینہ کا یہ سفر اکثر گیارہ دن میں طے ہوتا ہے۔ (دیکھو ص ۹۱ تکمیل) پس ۲۲ ذلقعدہ عہ یوم شنبہ کو مدینہ سے نکلکر ذوالحلیفہ (پہلی منزل) میں حضرت نے شب بسر فرمائی اور ۲۳ ذلقعدہ کو احرام وغیرہ سے فارغ ہوکر ظہر کے بعد سے مسلسل روانگی جانب مکہ معظمہ کے ہوئی۔ ۲۴ ذلقعدہ کو آٹھ و نو بجے دوسری منزل پر قیام ہوا اسی طرح منزل بہ منزل ۴ ذی الحجہ کی صبح کو گیارہویں دن مکہ معظمہ پہونچنا ہوا۔ غرہ ذیقعدہ شنبہ اور غرہ ذی الحجہ دوشنبہ کے لئے دیکھو نقشہ جنتری نمبر (۱) ص ۱۹ اور نقشہ جنتری (حرف میم) صفحہ ۲۳ اور نقشہ جنتری حرف طا طبری

عہ ناسخ التواریخ میں ہے کہ روز شنبہ بست سیوم ۲۳ و بروایتے دوشنبہ بست پنجم از مدینہ خیمہ بیروں زد، یہ مطابق ہے نقشہ جنتری حرف طا طبری ص ۲۴ کے۔ یہ پہلا خانہ ہے یہ بارہ ربیع الاول دوشنبہ کے مراجعت سے بنایا گیا ہے اور دوسرا خانہ ۲۸ صفر چہار شنبہ کے مراجعت سے بنا ہے اور یہ صحیح حدیث کے مطابق ہے پس ۲۲ ذیقعدہ شنبہ کو سفر حجۃ الوداع برآمد ہوتا ہے

صفحہ ۲۴ کا دوسرا خانہ بہ تکمیل) یہ روایت کے مطابق ہے اور دیکھو سادہ نقشہ دوم صفحہ جو ۲ سال ۴ مہینہ کا وفاتِ ابوبکر تک کا ہے۔ اسی نقشہ جنتری کے دوسرے خانہ پر ۱۸ ذی الحجہ پنجشنبہ اور ۲۸ صفر چہارشنبہ اور سیوم ماہ رمضان سہ شنبہ ہے دیکھو سادہ نقشہ دوم جو حدیث کے مطابق صحیح صحیح واقع ہے۔ اور دیکھو غرہ ذی الحجہ سنہ ۱۰ھ دوشنبہ اور غرہ صفر سنہ ۱۱ھ پنجشنبہ اور غرہ ربیع الاول جمعہ غرہ ماہ رمضان یکشنبہ جو اسمائے تہجی کے عدد (زبر) کے قاعدے سے مرتب ہے۔ جو روایات کے مطابق و مؤید ہے۔

پس ۱۸ ذی الحجہ پنجشنبہ سے ۲۹ ذی الحجہ دوشنبہ تک گیارہ دن اور ماہ محرم تیس ۳۰ دن۔ ماہ صفر انتیس ۲۹ دن یہ ۷۰ دن ہوئے۔ یکم و ۸ ربیع الاول جمعہ اور ۹ ربیع الاول شنبہ اور ۱۰ ربیع الاول یکشنبہ اور گیارہ ربیع الاول دوشنبہ جسکے آخر دن کے آخر وقت میں وفات النبی عین اکاسویں دن واقع ہوئی۔

پس اس رسالہ کو یہاں پر ختم کیا جاتا ہے اگر حیات مستعار باقی رہی اور توفیق الٰہی شامل حال ہوئی تو پھر دوسرے قلمی نتائج جو بے بضاعتی کی بضاعت ہیں پیشکش ناظرین کیئے جائیں گے۔

وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللَّهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ

احقر العباد سید مرتضیٰ حسین عفا اللہ عنہ
(ڈاکخانہ) قصبہ ایرایان ضلع فتح پور
یوپی